THE
SENATE OF PAKISTAN
DEBATES

OFFICIAL REPORT

Friday, the January 21st, 2022
(317th Session)
Volume I, No.08
(Nos. 01-19)

Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad

Volume I	SP.I (08)/2022
No.08	15

Contents

1. Recitation from the Holy Quran 1
2. Point of Public Importance raised by Senator Mian Raza Rabbani regarding recent wave of terrorist activities and seeking briefing/explanation from Minister for Interior in the House 2
   - Senator Syed Yousuf Raza Gillani, Leader of the Opposition 3
   - Senator Muhammad Azam Khan Swati, Minister for Railways 3
   - Senator Azam Nazeer Tarar 4
   - Senator Mushtaq Ahmed 4
   - Senator Saadia Abbasi 4
   - Senator Kamran Murtaza 5
   - Senator Irfan-ul-Haq Saddique 5
   - Senator Sarfraz Ahmed Bugti 6
3. Points of Public Importance raised by Senator Saifullah Abro regarding the deaths of the people due to alcohol and killing of a child in Sindh ... 6
   - Senator Muhammad Tahir Bizinjo 7
4. Fateha 8
5. Questions and Answers 8
6. Motion under Rule 194(1) moved by Chairman, Standing Committee on Cabinet Secretariat regarding present status of properties/hotels of PTDC in relation to their ownership 58
7. Motion under Rule 194(1) moved by Chairman, Standing Committee on Cabinet Secretariat on The Civil Servants (Amendment) Bill, 2021 59
8. Motion under Rule 194(1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Overseas Pakistanis and Human Resource Development, regarding problems being faced by Overseas Pakistanis 60
9. Point of Public Importance raised by Senator Molana Abdul Ghafoor Haidri regarding the incident of bomb blast in Lahore. 61
10. Response by Sheikh Rashid Ahmed, Minister for Interior on Points raised by Senators regarding recent wave of terrorist activities in the Country 62
11. Motion under Rule 194(1) moved on behalf of Chairman Standing Committee on Overseas Pakistanis and Human Resource Development regarding the service history of the Secretary Worker Welfare Fund .. 64
12. Motion under Rule 194(1) moved by Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulation and Coordination regarding steps taken by Government to substantially increase the number of seats in medical colleges for the students of erstwhile FATA 65

13. Presentation of Report of the Standing Committee on Federal Education, Professional Training, National Heritage and Culture regarding implementation status of the findings of the inquiry committee constituted by the International Islamic University regarding the murder incident and rape of another student 66

14. Laying of the National Rahmatul-Lil-Aalameen Authority Ordinance, 2021 (No.XXV of 2021) 67

15. Laying of the Islamabad Capital Territory Local Government Ordinance 2021(No.XXVIII of 2021) 67

16. Laying of the Pakistan Nursing Council (Emergency Management) Ordinance, 2021 (No.XXIX of 2021) 68

17. Motion Under Rule 263 regarding dispensation of notice period 68

18. Discussion on the Presidential Address to both the Houses assembled together on 13-09-2021 72

- Senator Faisal Javed 72
- Senator Quratulain Marri 76
- Senator Muhammad Tahir Bizinjo 79

SENATE OF PAKISTAN
SENATE DEBATES

Friday, the January 21, 2022

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at thirty two minutes past ten in the morning with Mr. Chairman (Muhammad Sadiq Sanjrani) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔

بِسْمِ اَللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

وَ هُوَ الَّذِیْ یُرْسِلُ الرِّیٰحَ بُشْرًۢا بَیْنَ یَدَیْ رَحْمَتِهٖ ؕ حَتّٰۤی اِذَاۤ اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ مَّیِّتٍ فَاَنْزَلْنَا بِهِ الْمَآءَ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ؕ كَذٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتٰی لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَ الْبَلَدُ الطَّیِّبُ یَخْرُجُ نَبَاتُهٗ بِاِذْنِ رَبِّهٖ ۚ وَ الَّذِیْ خَبُثَ لَا یَخْرُجُ اِلَّا نَكِدًا ؕ كَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّشْكُرُوْنَ ﴿۵۸﴾

ترجمہ: اور وہی تو ہے جو اپنی رحمت (یعنی مینہ) سے پہلے ہواؤں کو خوشخبری بنا کر بھیجتا ہے، یہاں تک کہ جب وہ بھاری بھاری بادلوں کو اٹھالاتی ہے تو ہم اس کو ایک مری ہوئی بستی کی طرف ہانک دیتے ہیں، پھر بادل سے مینہ برساتے ہیں اور پھر مینہ سے ہی ہر طرح کے پھل پیدا کرتے ہیں، اسی طرح ہم مردوں کو (زمین سے) زندہ کرکے باہر نکال لیں گے، یہ (آیات) اس لئے بیان کی جاتی ہیں تاکہ تم نصیحت حاصل کرو۔ (جو) زمین پاکیزہ (ہے) یعنی زرخیز ہوتی ہے، اس میں سے سبزہ بھی پروردگار کے حکم سے ہی (نفیس ہی) نکلتا ہے اور جو خراب زمین ہے، اس میں سے جو کچھ نکلتا ہے، ناقص ہوتا ہے، اسی طرح ہم آیتوں کو شکر گزار لوگوں کے لئے پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں۔

(سورۃ الاعراف: آیات 57 تا 58)

جناب چیئرمین: جزاک اللہ۔السلام علیکم۔کل لاہور دھماکے میں جو لوگ شہید ہوئے ہیں،اس کے علاوہ جتنے بھی فورسز کے لوگ اور COVID-19 کی وجہ سے لوگ شہید ہوئے ہیں، پہلے ان کے لئے دعا کریں۔ سینیٹر مولانا فیض محمد اپنی کرسی پر آ کر دعا کروائیں۔جی سینیٹر میاں رضا ربانی بات کریں۔

Point of Public Importance raised by Senator Mian Raza Rabbani regarding recent wave of terrorist activities and seeking briefing/explanation from Minister for Interior in the House

سینیٹر میاں رضا ربانی : شکریہ، جناب چیئرمین! میں آپ کے توسط سے کہنا چاہتا ہوں کہ پچھلے کچھ دنوں سے دہشت گردی کی وارداتیں بڑھ گئی ہیں۔ دہشت گردی کی وجہ سے merged areas of KP میں پاکستانی افواج کے سپاہی اور افسران شہید ہوئے ہیں۔ دو دن پہلے اسلام آباد میں بھی دہشت گردی کی ایک واردات ہوئی اور Minister for Interior نے فرمایا کہ یہ terrorist act ہے۔اس کو TTP نے claim بھی کیا۔ کل انارکلی کے terrorist act کے متعلق دو متضاد باتیں آ رہی ہیں کہ Balochistan Liberation Army اسے claim کر چکی ہے جبکہ Minister for Interior کہہ رہے ہیں کہ یہ terrorist act, TTP نے کیا ہے۔ میں آپ کے توسط سے یہ چاہوں گا کہ Minister for Interior, House میں تشریف لائیں اور آ کر یہ بات clear کریں کہ یہ جو وارداتیں بڑھ رہی ہیں، کیا یہ سب ثابت نہیں کرتی کہ حکومت نے TTP کے ساتھ جو appeasement and negotiations کی پالیسی اپنائی تھی، وہ غلط تھی اور اس وجہ سے آج ایک بار پھر ملک دہشت گردی کی لپیٹ میں ہے۔ میری آپ سے استدعا ہے کہ آپ Minister for Interior کو بلائیں۔ کل انہوں نے ایک private media channel کو interview دیتے ہوئے TTP کے علاوہ ان سارے terrorist organizations کے متعلق بات کی جو شام اور عراق میں operate کر رہی ہیں لہٰذا

I would kindly request you to call him in the House, thank you.

Mr. Chairman: Yes, Leader of the Opposition.

Senator Syed Yousuf Raza Gillani, Leader of the Opposition

سینیٹر سید یوسف رضا گیلانی (قائد حزب اختلاف): شکریہ، جناب چیئرمین! ابھی honourable Senator Mian Raza Rabbani نے ایک بہت ہی important issue raise کیا ہے۔ ہمیں concern ہے کہ پاکستان میں اس قسم کی terrorist activities بڑھ رہی ہیں۔ ان سے ہماری افواج بھی محفوظ نہیں ہیں۔ اس کے علاوہ سیکورٹی کے اور بھی جتنے لوگ ہیں، وہ بھی محفوظ نہیں ہیں۔ I agree with Senator Mian Raza Rabbani کہ آپ Minister for Interior سے کہیں کہ وہ ہمیں ایوان میں آ کر brief کریں کیونکہ through media, ہمیں چیزیں سمجھ نہیں آ رہی ہیں، شکریہ۔

جناب چیئرمین: جی سینیٹر محمد اعظم خان سواتی۔

Senator Muhammad Azam Khan Swati, Minister for Railways

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی (وفاقی وزیر برائے ریلویز): شکریہ، جناب چیئرمین! میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ ملک کے اندر اور باہر، ہمارے ان گنت دشمن موجود ہیں۔ یہ صرف اس حکومت کے دور میں نہیں بلکہ پچھلی حکومتوں کے دور میں بھی ایسے واقعات ہوتے رہے ہیں۔ پاکستان جب سے وجود میں آیا ہے، اس قسم کے واقعات ہوتے رہے ہیں۔ ان کی ہم مکمل طور پر مذمت کرتے ہیں۔ اس کے ساتھ، ساتھ جیسے سینیٹر سید یوسف رضا گیلانی اور سینیٹر میاں رضا ربانی نے کہا کہ ایوان میں Minister for Interior کو آ کر جواب دینا چاہیے، میں بھی کہتا ہوں کہ ہماری حکومت accountable ہے۔ Minister for Interior ایوان میں آ کر اس بات کی تفصیل سے وضاحت کریں کہ یہ واقعات جو ایک تسلسل سے جاری ہیں، ان کا پس منظر کیا ہے اور حالات کس طرف جا رہے ہیں اور ہماری حکومت اور ملک میں جگہ، جگہ پر تعینات security agencies ان سے نمٹنے کے لئے کیا کردار ادا کر رہی ہیں تاکہ ایوان اور عوام کو اعتماد میں لیا جائے۔ میں ان کے بات کی توثیق کرتا ہوں کہ یہ ایک بڑا اچھا قدم ہے کہ وہ آ کر جواب دیں اور اسی Session کے دوران ہی اس کی وضاحت کریں کیونکہ یہ بڑا ضروری ہے، شکریہ۔

جناب چیئرمین: جی سینیٹر اعظم نذیر تارڑ۔

Senator Azam Nazeer Tarar

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: شکریہ۔ جناب چیئرمین! رضا ربانی صاحب اور Leader of the Opposition نے جو بات کی ہے، اس کی میں من و عن تائید کرتا ہوں اور اچھی بات ہے کہ دوسری طرف سے بھی بات کی گئی ہے۔ وزیر داخلہ صاحب کی بڑی کلیدی ذمہ داری ہے کہ ملک میں امن و امان کے بارے میں آگاہ رہیں اور پارلیمان کو بھی آگاہ رکھیں۔ میں اس مطالبے کی پرزور حمایت کرتا ہوں کہ وزیر داخلہ صاحب کو ایوان میں بلایا جائے اور وہ ایوان کو brief کریں کہ آئندہ کا کیا لائحہ عمل ہے کیونکہ دہشت گرد ہمارے شہروں میں دوبارہ گھس آئے ہیں۔ انہوں نے پاکستان کے دل پر حملہ کیا ہے، اس پر گورنمنٹ کا reaction and future course of action کیا ہے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر مشتاق احمد صاحب۔

Senator Mushtaq Ahmed

سینیٹر مشتاق احمد: جناب چیئرمین! گزشتہ منگل کو ایک دن میں سات واقعات ہوئے ہیں، اسلام آباد میں واقعہ ہوا ہے، سبی میں ریلوے پٹڑی پر دھماکہ ہوا جس سے جعفر ایکسپریس کو اڑانے کی کوشش کی گئی۔ علامہ شیخ عبدالحمید رحمتی صاحب پشاور کے بہت بڑے عالم تھے، انہیں دن دہاڑے بازار میں قتل کیا گیا، ایڈووکیٹ ضمیر گل صاحب بہت بڑے وکیل تھے، انہیں درگئی میں دن دہاڑے قتل کیا گیا۔ وزیر داخلہ صاحب نے کہا ہے کہ ہمارے ہاں sleeper cells ہیں۔ وزیر داخلہ صاحب آئیں اور وضاحت کریں کہ Intelligence agencies, کا security plan کیا ہے، وہ کیا کر رہی ہیں کیونکہ آج اسلام آباد، لاہور اور پشاور محفوظ نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ سینیٹر سعدیہ عباسی صاحبہ۔

Senator Saadia Abbasi

سینیٹر سعدیہ عباسی: جناب چیئرمین! میں نے کل calling attention notice اسی topic پر ڈالا تھا، سیکریٹریٹ نے اتنا اہم نہیں سمجھا کہ اسے آج کے agenda پر لاتے، یہ بہت important issue ہے۔ میری آپ سے request ہے کہ آج کے

agendaکو suspendکر کے اس issueپر بات کریں کیونکہ یہ ملکی سلامتی کے issuesہیں۔ تین دن سے لگاتار ایسے واقعات ہو رہے ہیں، security agenciesپر attacksہو رہے ہیں، ملک میں law and order کا بہت سنگین مسئلہ پیدا ہوا ہو گیا ہے۔Interior Ministerصاحب ایوان میں تشریف لائیں اور ممبران کو اپنی رائے کا اظہار کرنے کا موقع دیا جائے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر کامران مرتضیٰ صاحب۔

Senator Kamran Murtaza

سینیٹر کامران مرتضیٰ: جناب چیئرمین! یقیناً یہ بہت افسوس ناک واقعہ تھا کیونکہ پاکستان کے دل پر یہ حملہ ہوا، اس سے پہلے شاید دماغ پر حملہ ہوا تھا، ہمارے ہاتھ اور پاؤں پر تو روزانہ حملے ہوتے ہیں، وہ تو ٹوٹے ہوئے ہیں، اس کا تو کسی کو خیال نہیں ہے۔Issueیہ نہیں ہے کہ کل کیا واقعہ ہوا،اس میں کتنے لوگ مرے اور کتنے زخمی ہوئے، issueیہ ہے کہ یہ کن پالیسیوں کی وجہ سے ہوا ہے اور کیا ہم ان پالیسیوں پر بات کرنے کے لیے اس ہاؤس میں تیار ہیں، جب تک آپ مسئلے کی تہہ تک نہیں پہنچیں گے، اس وقت تک ایسے واقعات بلوچستان، لاہور اور اسلام آباد میں ہوتے رہیں گے۔Law and Orderکے مسائل کی وجہ سے یہ واقعات ہو رہے ہیں، اگر انہیں ٹھیک نہیں کریں گے تو اسی طرح سے یہ واقعات ہوتے رہیں گے۔

جناب چیئرمین: سینیٹر عرفان الحق صدیقی صاحب۔

Senator Irfan-ul-Haq Saddique

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: جناب چیئرمین! یہ بہت اہم موضوع ہے، دہشت گردی کی تازہ لہر پورے ملک میں اٹھی ہے اور کل لاہور کا افسوس ناک واقعہ پیش آیا۔ اسلام آباد کی صورت حال بھی بہت تشویش ناک ہے، جرائم میں اضافہ ہو رہا ہے، ڈاکا زنی اور لوٹ مار کی وارداتیں ہو رہی ہیں۔ چند دن پہلے اسلام آباد میں پولیس کا ایک جانباز شہید ہوا، یہ سارے واقعات کس چیز کی نشاندہی کرتے ہیں۔ وزارت داخلہ کو اس کی بیخ کنی کرنی چاہیے لیکن وہ بیان بازی میں مصروف ہے، انہیں نہیں معلوم کہ گردوپیش میں کیا ہو رہا ہے۔ اس پر بڑی تفصیل سے بات ہونی چاہیے۔ مجھے اس ہاؤس میں

تقریباً نو ماہ ہو گئے ہیں لیکن میں نے آج تک وزیر داخلہ صاحب کو اس ہاؤس میں نہیں دیکھا، بے نیازی کا یہ عالم ہے کہ وہ اس ایوان کو اہمیت ہی نہیں دیتے، انہیں ایوان میں ضرور آنا چاہیے۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔ سینیٹر سرفراز احمد بگٹی صاحب۔

Senator Sarfraz Ahmed Bugti

سینیٹر سرفراز احمد بگٹی: جناب چیئرمین! جیسے میاں رضا ربانی صاحب نے فرمایا، میں بھی وزیر داخلہ صاحب کا بیان سن کر بہت حیران و پریشان ہوا۔ Nationalist Army, BRA and UBA تقریباً دس دن پہلے وجود میں آئی، BRA جسے براہمداغ بگٹی head کرتے ہیں اور UBA جسے میر زامران مری head کرتے ہیں، جو نواب خیر بخش مری کے سب سے چھوٹے بیٹے ہیں، انہوں نے اپنی دونوں terrorist organizations merge کیں اور Baloch Nationalist Army کے نام سے ایک نئی آرمی بنائی اور within ten days انہوں نے لاہور پر attack کیا جبکہ ہمارے وزیر داخلہ صاحب فرماتے ہیں کہ یہ TTP نے کیا ہے۔ میں حیران ہوں کہ وہ خود claim کر رہے ہیں کہ ہم نے کیا ہے۔ میں سینیٹر کامران مرتضیٰ صاحب سے agree کرتا ہوں کہ جو قوم پرستی کے نام پر دہشت گردی ہو رہی ہے اسے under discussion لائیں، ہمارا intellect ہمارا میڈیا، ہماری پارلیمنٹ ، ہم سب مل کر اسے terrorism کہتے ہیں اور جو قوم پرستی کے نام پر violence ہے، اسے ہم ناراض بلوچ کہتے ہیں۔ آپ لوگوں سے گزارش ہے کہ انہیں کچھ نہ کہیے گا، یہ مزید ناراض ہو جائیں گے، انہیں معصوم لوگوں کا قتل و غارت جاری رکھنے دیں، انہیں دھماکے کرنے دیں کیونکہ ان کی تسکین تب ہوتی ہے جب یہ لوگوں کو مارتے ہیں۔ اگر ہم انہیں کچھ کہیں گے تو آپ کہیں گے کہ یہ مزید ناراض ہو گئے ہیں۔ لہٰذا انہیں کچھ نہ کہیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر سیف اللہ ابڑو صاحب۔

Points of Public Importance raised by Senator Saifullah Abro regarding the deaths of the people due to alcohol and killing of a child in Sindh

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جناب چیئرمین! میں پچھلے ہفتے سے بار بار ہاتھ اٹھا کر بات کرنے کی کوشش کر رہا تھا، میرے بازو میں درد ہو گیا لیکن مجھے وقت نہیں دیا گیا۔ مری میں 21 لوگ فوت ہو

ئے، ہم ابھی مری کے واقعے کو نہیں بھلا پائے تھے کہ اس کے ایک دن بعد سندھ میں ایک بڑا حادثہ پیش آیا، ٹنڈو جام اور ڈسٹرکٹ ٹنڈو اللہ یار میں 23 لوگ کچی شراب پینے سے فوت ہو گئے۔ جسٹس مسلم ہانی نے 2019 میں رپورٹ پیش کی تھی کہ سندھ کی 90% عوام آلودہ پانی پیتی ہے، مجھے افسوس ہے کہ official drink میں بھی ملاوٹ ہے، کم از کم official drink کو تو صحیح ہونا چاہیے تھا تاکہ یہ 23 لوگ مرنے سے بچ جاتے۔ میری گزارش ہے کہ اس واقعے کو Narcotics Committee میں بھجوائیں۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے، اسے Narcotics Committee میں بھجوا دیتے ہیں۔ ابڑو صاحب! مہربانی کریں، question hour شروع کرنا ہے۔ میری رضا ربانی صاحب اور سب ساتھیوں سے گزارش ہے کہ آپ کوئی tool لائیں تاکہ میں منسٹر صاحب سے کہوں کہ وہ آ کر جواب دیں، سارے مل کر ہاؤس میں adjournment motion لے آئیں۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جناب چیئرمین! جیسے قصور میں زینب کو قتل کیا گیا، آپ نوید سومرو کی تصویر دیکھیں، اس کے ساتھ ڈسٹرکٹ قنبر شہزاد کوٹ میں زیادتی کی گئی، اگر وہاں پر فہمیدہ سیال قرآن شریف کے ساتھ گولی لگنے سے شہید نہ ہوتی تو آج نوید سومرو قتل نہ ہوتا۔ شاید نوید سومرو کا نصیب زنیب جیسا ہو سکے گا، اس کے قاتل بھی پکڑے جائیں گے، انہیں بھی پھانسی پر لٹکایا جائے گا۔ اس بچے کو زیادتی کر کے قتل کیا گیا ہے۔ Kindly آپ اس پر توجہ دیں تاکہ جن لوگوں نے اس بچے کے ساتھ زیادتی کی، انہیں کٹہرے میں لایا جائے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے، اسے Human Rights کی کمیٹی میں بھیج دیں۔ سینیٹر محمد طاہر بزنجو صاحب۔

Senator Muhammad Tahir Bizinjo

سینیٹر محمد طاہر بزنجو: جناب چیئرمین! اس میں کوئی دو رائے تو نہیں ہے کہ ملک میں دہشت کی ایک نئی لہر شروع ہو چکی ہے، ملک کے مختلف صوبوں میں دھماکے ہو رہے ہیں اور آثار یہ بتا رہے ہیں کہ دہشت گردی کی ان کارروائیوں میں زبردست اضافہ ہو گا۔ حکومت مانے یا نہ مانے لیکن سچ یہ ہے کہ جیسے حکومت مہنگائی کو روکنے میں ناکام رہی ہے، اسی طرح وہ دہشت گردی کو روکنے میں ناکام ہے۔ ہمارا پرزور مطالبہ ہے کہ National Security پالیسی کے حوالے سے پارلیمنٹ کو

briefکیا جائے، اپوزیشن کو اعتماد میں لیا جائے۔ ان اہم issuesپر اپوزیشن اور پارلیمنٹ کو نظرانداز کرنے سے نہایت خطرناک نتائج برآمد ہوں گے اور اس کی کلیتًا ذمہ داری حکومت وقت پر، وزیراعظم صاحب اور ان کی کابینہ پر ہو گی۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔اب question hourشروع کرتے ہیں۔ جی
Leader of the House.

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم (قائد ایوان): جناب! جناب علی محمد خان صاحب! قومی اسمبلی سے پانچ دس منٹ میں آ رہے ہیں، آپ اس کو پانچ، دس منٹ کے لیے delay کر لیں۔

Fateha

جناب چیئرمین: دعا رہ گئی ہے تو دعا کرا لیتے ہیں۔ جی سینیٹر مولوی فیض محمد صاحب! آپ دھماکوں میں شہید ہونے والے، armed forcesکے لوگ شہید ہوئے اور جن پاکستانیوں کی COVIDکی وجہ سے وفات ہوئی ہے، ان سب کے لیے دعا کرائیں۔

(اس موقع پر ایوان میں فاتحہ خوانی کی گئی)

جناب چیئرمین: جی قائد حزب اختلاف صاحب! آپ بات کریں۔

سینیٹر سید یوسف رضا گیلانی: اس issueپر بات ہو چکی ہے۔ جب motion move ہو گا اور اس پر جب discussionہو گی تو
the Minister of Interior should be present at that day, otherwise we do a futile exercise.

جناب چیئرمین: جناب! اتنی گزارش ہے کہ جب motion یا کوئی toolلے آتے ہیں تو Ministerکو پابند کر دیں گے کہ وہ ایوان میں آئیں۔

سینیٹر سید یوسف رضا گیلانی: جی ٹھیک ہے۔

Questions and Answers

جناب چیئرمین: جی جناب علی محمد خان صاحب کہاں ہیں، چلیں ایک وزیر اعظم سواتی صاحب بیٹھے ہیں، یہ بھی تگڑے ہیں اور یہ جواب دے دیں گے۔ جی سوال نمبر۔7 سینیٹر شہادت اعوان صاحب کا ہے۔

*Question No. 7 Senator Shahadat Awan: Will the Minister for National Health Services, Regulations and Coordination be pleased to state:

(a) whether it is a fact that unregistered medicines available in the market for body building are causing death of young people; and

(b) the year-wise details of cases registered against manufacturers and importers of these medicines and arrested during the last three years?

Minister for National Health Services, Regulations and Coordination: (a) There is no case reported regarding use of medicine/supplements for bodybuilding resulting in death till date as per available data. Adverse drug reactions can be reported to Drug Regulatory Authority of Pakistan via online portal available at DRAP website and smart phone app by Patients, Healthcare professionals, Provincial Pharmacovigilance centers and Pharmaceutical companies.

(b) The regulators are vigilant about their duties and responsibilities. The inspectors of drugs monitor the markets and take appropriate actions under law. National Task Force has also been notified for the eradication of spurious and unregistered therapeutic goods. Details of cases registered / action taken against selling and manufacturing of drugs used for body building by Federal Inspector of drugs and Provincial Drug Inspectors are given as Annex-I.

Annex-I

YEAR-WISE DETAILS OF CASES IN THE LAST THREE YEARS

S. No.	Health Department	No. of cases in last (03) years	Product recovered	Action taken
01	Drug Regulatory Authority of Pakistan	Nil	Nil	N/A
02	Government of Punjab	08	i. Platinum Omega, L-Arginine, Vitamin C ii. 8 different drugs containing steroids iii. Food supplement iv. Tablet Weight grow, Powder Super weight gainer v. 9 different drugs containing Anabolic steroids vi. Creatine Micronized vii. Pre-workout prefilled unit, Capsule Test X, Capsule Carni X viii. Critical Whey Advanced Protein	i. Seizure of products and Premises Sealed ii. Seizure of products and Premises Sealed iii. FIR Lodged iv. Sample taken for Test/analysis v. Seizure of products and Premises Sealed vi. Sample taken for Test/analysis vii. Sample taken for Test/analysis viii. Sample taken for Test/analysis
03	Government of Sindh	Nil	Nil	N/A

04	Government of Khyber Pakhunkhwa	08	i. Capsule Graceful (Contains Prednisolone)	i. Case under investigation
			ii. Capsule Painless (Contains Prednisolone)	ii. Case under investigation
			iii. Capsule Athelatex (Contains Prednisolone)	iii. Case submitted to PQCB
			iv. Unlabelled tablets (Contains Prednisolone)	iv. Case submitted to PQCB
			v. Capsule Bella (Contains Prednisolone)	v. Case submitted to PQCB
			vi. Capsule Pain Nil (Contains Prednisolone)	vi. Case submitted to Drug Court
			vii. Red color Capsules (Contains Prednisolone)	vii. Case under investigation
			viii. Cap Sehat Mand (Contains Prednisolone)	viii. Case under investigation
05	Government of Balochistan	Nil	Nil	N/A
06	Islamabad Capital Territory	Nil	Nil	N/A
07	Government of Azad Jammu & Kashmir	Nil	Nil	N/A
08	Government of Gilgit-Baltistan	Nil	Nil	N/A

Mr. Chairman: Any supplementary?

سینیٹر شہادت اعوان : جناب چیئرمین! اس ملک کی بدقسمتی ہے کہ یہاں پر body building gyms registered نہیں ہیں اور میں نے22نومبر 2021 کو question کیا تھا تو Samaa TV نے ایک report نشر کی تو ان کے مطابق گوجرانوالہ میں 10 or 11 people substandard steroid کی وجہ سے۔۔۔

جناب چیئرمین: جناب! اب آپ ضمنی سوال کریں کہ آپ کا ضمنی سوال کیا ہے؟

سینیٹر شہادت اعوان : جناب! میرا یہ کہنا ہے کہ اس میں جو جواب دیا ہے اور پہلی بات یہ ہے کہ وزیر برائے صحت ایوان میں موجود نہیں ہیں۔ آپ اس کا جواب دیکھیں کہ دوائیوں کی registration, import, export and Licensing Authority یہ total Federal Government کی صوابدید ہے۔ جناب! جو جواب دیا گیا ہے، اتفاق کی بات ہے کہ پچھلے تین سالوں میں ایک گرفتاری نہیں ہے، ایک FIR درج نہیں ہوئی ہے۔۔۔

جناب چیئرمین: جناب! میری ایک صرف عرض ہے کہ آپ supplementary question to the point کریں تاکہ وزیر صاحب بھی پابند ہوں اور وہ بھی to the point جواب دیں، اگر آپ سیاسی تقریر کریں گے تو پھر دونوں اطراف سے سیاسی تقریر ہو گی تو پھر ایوان میں بدمزگی ہو گی، میری صرف اتنی گزارش ہے۔

سینیٹر شہادت اعوان: جناب! میری صرف اتنی گزارش ہے جناب وزیر صاحب یہ بتائیں کہ ملک میں substandard medicines کی وجہ سے بہت سے لوگوں کی اموات ہو رہی ہیں۔ اس کے بارے میں حکومت نے کیا اقدامات کئے ہیں؟ اس جواب کے مطابق پچھلے تین سالوں میں نہ کوئی گرفتاری ہوئی ہے، نہ کوئی seize کیا گیا ہے اور نہ کوئی action ہے۔ نہ کسی importer and manufacturer کے خلاف action ہوا ہے۔

جناب چیئرمین: جناب! آپ کے سوال کی سمجھ آ گئی ہے۔ جی سینیٹر محمد اعظم خان سواتی صاحب! آپ بتائیں کہ حکومت نے کیا action لیا ہے۔

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: جناب! DRAP کے بارے میں جو honourable Senator صاحب کے خدشات ہیں، وہ بالکل درست ہیں، یہ حکومت بھی کہہ رہی ہے، یہ آج کی

حکومت نہیں کہہ رہی بلکہ ہر حکومت نے یہ کوشش کی ہے کہ اس میں improvement لائی جائے۔ ہم نے DRAP کو بہتر Regulatory Authority بنانے کے لیے بہت ساری interventions کی ہیں تاکہ ہم قاعدے اور process کے مطابق یہ ساری چیزیں کریں لیکن یہ جو بات کر رہے ہیں تو میرا خیال ہے کہ ابھی بھی بہت کام کرنے کی گنجائش ہے اور اس کو ٹھیک کرنے کی گنجائش ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ میں خود ان کو اس floor پر یقین دلاتا ہوں کہ میں جناب فیصل سلطان صاحب کو دست بستہ عرض کروں گا کہ DRAP کے بارے میں سینیٹ کی بڑی reservation ہے اور میری اپنی ذاتی بھی reservation ہے، اس کو بہتر کرنے کے لیے فوری اقدامات کئے جائیں۔ کافی وقت گزر چکا ہے، میرا خیال ہے کہ انہوں نے بہت زیادہ laws میں amendments کی ہیں، اس کی oversight پر بھی کی ہیں لیکن اس میں ہر طرح کی improvement لانے کی ابھی بھی بہت ساری گنجائش ہیں ۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس میں improvement لائی جائے گی۔

جناب چیئرمین: ۔ آپ کا شکریہ۔ اگلا سوال نمبر 19 سینیٹر ہدایت اللہ خان صاحب ہے، وہ موجود نہیں ہیں۔

*Question No. 19 Senator Hidayat Ullah Khan: Will the Minister for National Health Services, Regulations and Coordination be please to state:

(a) whether it is a fact that Permanent Pace Makers (PPM) of working on old technology are being implanted in Pakistan whereas in developed countries, advanced Lead Less Pace Marker are used, if so, reasons thereof; and

(b) whether there is any proposal under consideration to import advanced Lead Less Maker for heart patients in Pakistan , if so, details thereof?

Minister for National Health Services, Regulations and Coordination: (a) Various importers of medical

devices had applied for registration of Permanent Pace Makers (PPM) and are accordingly registered by DRAP after fulfillment of requisite codal formalities. One of the companies has submitted application for Advanced Lead Less Pace Maker (ALLPM), which is under process of evaluation and will be registered after the pre-requisite are fulfilled as laid down under rules/ regulations.

(b) There is no hindrance in import of Advanced Lead Less Pace Maker (ALLPM). The procedure/ pre-requisites are well defined and available on the official website.

جناب چیئرمین: اگلا سوال نمبر سینیٹر پلوشہ محمد زئی خان صاحبہ کا ہے۔

*Question No. 23 Senator Palwasha Muhammad Zai Khan: Will the Minister for Maritime Affairs be pleased to state:

(a) whether it is a fact that despite handling the key functions at KPT and Port Qasim, Pakistan Navy has no official representation in Gwadar Port, if so, reasons thereof; and

(b) the details of existing coordination mechanism amongst all three major ports of Pakistan?

Syed Ali Haider Zaidi: (a) Operations of Gwadar Port Authority (GPA), lies with COPHCL a Chinese Company as per Concession Agreement, hence, there is no such requirement of Naval officers.

(b) As per legal framework of these ports, all Ports are independent in their operations and functions. However, coordination whenever required is made case to case basis.

Further, every Port Authority and Maritime stakeholder have representation at Joint Maritime

Coordination Center (JMICC)/ established at Manora under Pakistan Navy, the same act as nerve center to share important information related to Shipping activities, Maritime incidents / accident and coordination with all Maritime Stakeholders.

Ministry of Maritime Affairs, provides a platform for better coordination among all major ports of Pakistan.

In case of any policy decision / coordination and consultation with Pak Navy is made by M/o Maritime Affairs through M/o Defence as per rules of business 1973.

Mr. Chairman: Any supplementary?

سینیٹر پلوا شہ محمد زئی خان: جناب چیئرمین! یہ بہت important question ہے، مجھے یہ بتایا جائے کہ یہ کہتے ہیں، ہماری ports, operations and functions میں independent ہیں، ان کی Joint Maritime Committee میں representation ہے۔ ہماری Pakistan Navy کی کس میں representation ہے اور وہ کن levels پر ہے اور اس کا highest level کیا ہے، lowest level کیا ہے اور اس میں کتنے لوگ کام کر رہے ہیں؟

Mr. Chairman: Yes, Minister of State for Parliamentary Affairs.

آپ یہ بتائیں کہ وہاں پر Pakistan Navy سے کتنے لوگ کام کر رہے ہیں۔

جناب علی محمد خان: جناب! ہم exact numbers معلوم کرکے بتا دیں گے لیکن ہم normally خود ہی run کرتے ہیں، ضرورت کے مطابق وہاں پر Navy موجود ہوتی ہے، اگر ضرورت پڑے تو extra بھی بلائی جا سکتی ہے اور ہم exact numbers معلوم کرکے بتا دیں گے۔

جناب چیئرمین: اگلا سوال نمبر 29 سینیٹر پلوا شہ محمد زئی خان صاحبہ کا ہے۔

*Question No. 29 Senator Palwasha Muhammad Zai Khan: Will the Minister for Maritime Affairs be pleased to state the details of Gwadar Port Development plan during next 5 years?

Syed Ali Haider Zaidi: The concession holder has completed feasibility study for the port expansion (Phase-II) and Free Zone (Phase-II) which will be developed in the next five years.

The port expansion project mainly consists of three main parts including;

i. The expansion and reconstruction of rear storage yard of Gwadar Port Phase-I
ii. The multi-purpose terminal (2# and 4# berths) and
iii. The oil and gas terminal (5# berth) including tank area

@ Transfer from Ministry of Planning, Development and Special Initiatives

Free Zone (Phase-II): Development work has already been started. Several business ventures have signed agreement with Free Zone developer to construct the facilities in the next few months. This will generate employment opportunities as well as create the demand to further augment the port operations.

Mr. Chairman: Any supplementary?

سینیٹر پلواشہ محمد زئی خان: جناب چیئرمین! ہمارے ملک کے لیے یہ ایک بڑا important project ہے جس کو ہماری economy کی ریڑھ کی ہڈی کہا گیا لیکن جواب میں صرف یہ لکھا ہے کہ اگلے پانچ سال میں وہاں پر کیا کرنا ہے، یہ تین lines پہلے ہیں اور پھر کہا گیا ہے کہ several business ventures have been signed. یہ کس نے کئے ہیں اور کس بارے میں کئے ہیں؟ Development work کا کہا گیا ہے کہ

development work شروع ہو گیا ہے، کس چیز پر development ہو رہی ہے، اس کا کچھ پتا نہیں ہے۔ اتنے اہم project پر پانچ سال کے لیے صرف چند lines لکھی ہیں، یہ دیکھ کر جنہوں نے آنا ہے، وہ بھی نہیں آئیں گے۔ ذرا واضح طور پر بتایا جائے اور 4 lines تسلی بخش جواب نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: سینیٹر پلواشہ محمد زئی خان صاحبہ! میری یہ suggestion ہو گی کہ اس کو کمیٹی میں discuss کر لیں کیونکہ آپ کا یہ بڑا اہم سوال ہے تاکہ وہاں پر detailed discussion ہو جائے اور وہاں پر Ministry آ کر brief کرے اور وہاں پر ایوان کے ارکان بھی ہوں گے۔

سینیٹر پلواشہ محمد زئی خان: جناب چیئرمین! ٹھیک ہے۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔ سینیٹر دنیش کمار صاحب! آپ بتائیں۔

سینیٹر دنیش کمار: جناب! آپ کا بہت بہت شکریہ اور میں آپ کا شکر گزار ہوں کہ آپ نے اتنے اہم مسئلے کو standing committee کے حوالے کیا ہے۔ میں سینیٹر پلواشہ صاحبہ کا بھی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے بہت اہم سوال raise کیا ہے۔ میرا وزیر صاحب سے بھی سوال ہے اور یہ کمیٹی میں چلا گیا ہے اور میں بھی کمیٹی کا رکن ہوں۔ یہاں پر محترمہ نے اگلے پانچ سال کا پوچھا ہے۔ میرا وزیر صاحب سے یہ سوال ہے کہ موجودہ phase-1 complete ہو چکا ہے تو وہ ابھی تک کیوں functional نہیں ہے؟ آپ اگلے پانچ سال کے لیے بتا رہے ہیں کہ وہ ہوں گے اور جو موجودہ ہیں، وہ functional کیوں نہیں ہیں۔ میں آپ کو بتاؤں کہ وہاں اگر کوئی heavy بحری جہاز آئے تو وہ نہیں آ سکتا کیونکہ وہاں پر بہت زیادہ مٹی بھر چکی ہے، وہاں پر drainage کی ضرورت ہے، اگر جناب وزیر صاحب اس پر response دے دیں؟

جناب چیئرمین: جی جناب وزیر صاحب۔

جناب علی محمد خان: جناب! میرا خیال ہے کہ آپ نے اس پر direction دے دی ہے اور اس پر serious result oriented debate ہو۔ میں recommend کروں گا کہ ہم یہ سوال وہاں پر discuss کر لیں اور Minister for Maritime Affairs بھی وہاں پر آ جائیں گے، we will ensure کہ وہ وہاں پر موجود ہوں اور اس پر ایک thorough

debate and discussion ہو جائے۔ ہم نے اس پر کافی کام بھی کئے ہیں، ظاہر ہے کہ اس کی construction سال یا دو سال میں مکمل نہیں ہوتی اور ہم نے five years plan بھی دیا ہوا ہے تو وہاں پر discuss کر لیں تو ہم تفصیل سے جواب دے دیں گے۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے، اس کمیٹی میں دنیش کمار صاحب بھی جائیں گے۔ اگلا سوال نمبر 82 سینیٹر مشتاق احمد صاحب کا ہے۔

*Question No. 82 Senator Mushtaq Ahmed: Will the Minister for Federal Education, Professional Training, National Heritage and Culture be pleased to state the system devised by Higher Commission for Distance Learning Programmes for Universities indicating the number and name of Universities in Pakistan that have been allowed by Higher Education Commission for Distance Learning Programmes?

Mr. Shafqat Mahmood: Following universities are authorized to impart distance education and learning programmes as provided in their charters:

i. Allama Iqbal Open University, Islamabad
ii. Virtual University of Pakistan, Lahore

In addition, Directorates of Distance Education (DDE) were established in the following 12 universities to impart distance learning Programs:

i. Bahahuddin Zakariya University, Multan.
ii. COMSATS University, Islamabad.
iii. Gomal University, D.I Khan.
iv. Government College University, Faisalabad.
v. International Islamic University, Islamabad.
vi. Islamia University, Bahawalpur.
vii. Shah Abdul Latif University, Khairpur.
viii. Sukkur IBA University, Sukkur.

ix. University of Agriculture, Faisalabad.
x. University of Balochistan, Quetta.
xi. University of Peshawar, Peshawar.
xii. University of Sindh, Jamshoro.

However, due to violations in terms of offering unapproved program, admissions were stopped w.e.f. February 2018.

HEC has also finalized Online Distance Learning (ODL) Policy 2021 to facilitate and improve the quality of private/external education for students who cannot afford regular education. The policy aims at increasing the capacity of the institutions to facilitate private students while ensuring quality.

The ODL Policy lays down criteria that must be met by universities and approved by HEC, before start of distance education.

Mr. Chairman: Any supplementary?

سینیٹر مشتاق احمد: جناب چیئرمین! میں نے پوچھا ہے کہ جو online distance learning ہے، اس کے لیے حکومت نے کیا نظام بنایا ہے مجھے بتایا گیا ہے کہ 2 universities ہیں، ایک علامہ اقبال یونیورسٹی ہے اور دوسری Virtual University of Pakistan, Lahore ہے، یہ online distance learning کرا رہی ہیں لیکن ہم نے 12 universities کو 2018 میں اجازت دی تھی تو انہوں نے کچھ irregularities کیں تو ان کو بند کر دیا گیا، یہ 2018 میں بند ہوئیں اور اب 2022 ہے۔

جناب! اب صورت حال یہ ہے کہ لوگ مصنوعی سورج کا تجربہ کر رہے ہیں اور خلا میں بستیاں بسانے جا رہے ہیں اور HEC نے distance learning کے لیے نظام وضع نہیں کیا۔ مجھے یہ بتایا جائے کہ distance learning کے لیے ابھی تک کوئی نظام وضع ہوا ہے، کیا وہ نافذ ہو چکا ہے اور HEC سفید ہاتھی ہے کہ اس میں اتنے advisers ہیں اور ان پر قوم کا اتنا پیسہ خرچ ہو رہا ہے تو یہ online education میں کیوں رکاوٹ ہے؟

جناب چیئرمین: جی آپ کا سوال آگیا۔ جی قابل احترام وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور صاحب۔ میری معزز اراکین سے گزارش ہے کہ آپ masks پہنیں، یہ آپ سب کی حفاظت کے لیے ہے تو براہ مہربانی mask پہن لیں۔

جناب علی محمد خان: جناب چیئرمین! میں ان کو تھوڑا سا update کر دوں، میں ان کو fresh data provide کرا دوں گا۔ اس سوال کے جواب میں 2 universities ہیں لیکن مجھے آج جو fresh data دیا گیا ہے تو اس کے مطابق ان کے پاس پانچ یونیورسٹیاں آ گئی ہیں جو distance learning کر رہی ہیں۔ میرے اور ان کے لیے خوشی کی بات ہے کہ اس میں ہماری پشاور یونیورسٹی بھی شامل ہے۔ ہم نے آپ کو 2 universities کی list دی ہے لیکن ان کی تعداد پانچ پر پہنچ گئی ہے۔ وہ فہرست موجود ہے اور ہمارا سٹاف انہیں provide کر دیں گے۔ پانچ یونیورسٹیاں تو اس میں آ گئی ہیں۔ Distance learning میں issue of quality arise ہو رہا تھا۔ مختلف یونیورسٹیوں سے لوگ distance learning میں کر رہے تھے، نہ کوئی teacher student interaction تھی، کیونکہ بدقسمتی سے normally یہ ہو رہا تھا کہ آپ admission لے لیں، پورا سال کالج نہ جائیں اور examination کے وقت چلے جائیں اور notes کی فوٹو کاپی کر کے آپ ڈگری لے لیں۔ لوگ ڈگریوں پر ڈگریاں تو لے رہے تھے لیکن اس میں student teacher interaction نہیں ہے، اس وجہ سے آپ کی علمی قابلیت اور استعداد تو نہیں بڑھتی ہے۔ صرف امتحان دینا اور ڈگری لینا تو مقصد نہیں تھا، اسے tackle کرنے کے لیے ہم نے یہ کیا تھا۔ اب دو سے پانچ ہو گئی ہیں، باقی بھی اس پر ان شاءاللہ کوشش کریں گے۔

جو M.A/ B.A کا پرانا concept تھا وہ تو 2004 میں ہی ختم ہو گیا ہے، اس سکیم کو 17 سال ہو گئے ہیں۔ اب M.A/ B.A نہیں بلکہ M.S/ B.S ہو رہا ہے لیکن جن کا پچھلا M.A/ B.A کوئی pending تھا اسے complete ہونے دیا جائے گا لیکن اب نیا M.S/ B.S ہو گا اور M.A/ B.A نہیں ہو گا، جو through distance learning ہو گا۔

جناب چیئرمین: انہوں نے ابھی بتایا ہے کہ ابھی اور بن رہے ہیں، پانچ ہو گئی ہیں اور ابھی آگے بھی چل رہا ہے۔ انہوں نے یہی تو کہا ہے کہ جنہوں نے clear کر لیا اور پانچ کو اجازت دے دی ہے۔ جی اعظم نذیر تارڑ صاحب، آپ کا ضمنی سوال؟

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: شکریہ، جناب چیئرمین! منسٹر صاحب کی موجودگی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے اور تھوڑی سی بات انہوں نے خود بھی کر دی۔ یہ بہت سنجیدہ مسئلہ ہے، HEC نے تو یہ بات پاکستان کی national universities کے بارے میں کی ہے۔ میں خود legal education کو regulate کرتا ہوں، علی محمد خان صاحب خود بھی پیشہ وکالت سے تعلق رکھتے تھے۔ میرا HEC سے یہ سوال ہے کہ جو foreign universities ہیں ان کی یہاں پر یہ حالت ہے کہ جگہ جگہ پر انہوں نے گلیوں میں مکانات کرائے پر لے کر بورڈ آویزاں کر رکھے ہیں کہ University of London, University of Bedfordshire, University of York کے ہم campuses ہیں، وہاں پر نہ کوئی teacher student ratio کو دیکھنے والا ہے، ان کو کوئی پوچھنے جائے تو وہ کہتے ہیں کہ ہم foreign universities کے ساتھ distance learning کروا رہے ہیں۔ جناب ان کی annual average fee آٹھ سے بارہ لاکھ روپے ہے۔ والدین کی جیبیں کاٹی جا رہی ہیں، وہاں پر کوئی quality control نہیں ہے، HEC کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ اسے بھی regulate کرے اور کم از کم ساتھ میں ایک media campaign چلائے کہ اس طرح کے campuses میں داخلہ لینے سے پہلے جو HEC کا online distance learning approved program ہو گا اس میں داخلہ لیں۔ ہمارے پاس وہ بچے ڈگریاں لے کر آتے ہیں، ہمیں پتا ہی نہیں ہوتا، انہیں نہ Bar Councils enroll کرتی ہیں، کل کو medicines والوں کو بھی problem آئے گی۔

جناب چیئرمین: جی یہ آپ کی بہت اچھی suggestion ہے، منسٹر صاحب اور منسٹری یہ note کر لیں اور اسے HEC کو convey کریں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: یہ واقعی میں سنگین معاملہ ہے اس لیے اسے کمیٹی کو بھیجیں۔ جناب سیکڑوں یونیورسٹیوں کے campuses کھلے ہوئے ہیں، ایک لاکھ سے اسی ہزار روپے تک کی ماہانہ فیس لیتے ہیں، بچے روتے رہتے ہیں۔

جناب چیئرمین: پہلے سنیں کہ Chairman, Standing Committee خود کیا فرماتے ہیں۔ جی سینیٹر عرفان الحق صدیقی صاحب، آپ کا ضمنی سوال۔ ویسے آپ کو تو اس پر ضمنی سوال نہیں کرنا چاہیے۔

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: بہت شکریہ، جناب چیئرمین! اگر آپ کمیٹی میں بھیج رہے ہیں تو میں نہیں کرتا۔

جناب چیئرمین: کمیٹی میں جائے تو اچھی بات ہے کہ اس پر discussion ہو جائے، جو اعظم نذیر تارڑ صاحب نے point اٹھایا ہے وہ بہت اہم ہے۔

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: جی ٹھیک ہے، ہم اسے کمیٹی میں دیکھ لیتے ہیں۔

جناب چیئرمین: جی علی محمد خان صاحب۔

جناب علی محمد خان: جناب چیئرمین! میں تو تارڑ صاحب کے حصے کے cases بھی نہیں لیتا ہوں اور نہ میری استعداد ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں شعبہ وکالت سے تعلق رکھتا تھا۔ میری درخواست ہے کہ یہ 'تھا' کا صیغہ ختم کرکے 'ہوں' کر دیں۔ لائسنس کی practice suspend ہو گی کہ as a Minister آپ practice نہیں کر سکتے ہیں لیکن جو ڈگری ہے وہ اپنی جگہ intact ہے اور وہ بھی ایک نہیں ہے، دو ہیں۔

میں دوسری بات کرنا چاہ رہا تھا۔ تارڑ صاحب نے بہت اچھا نکتہ اٹھایا ہے۔ جناب میں بات کر لوں، آپ نے ہنسنا نہیں ہے۔ انجینیئرنگ کرنے کے بعد میں جب وکالت کی طرف آیا تو میں نے پشاور یونیورسٹی سے بھی کیا اور جس یونیورسٹی کی انہوں نے بات کی ہے کیونکہ آپ پھر کہتے ہیں کہ ہر بندہ ڈگری لے رہا ہے اس لیے میں نے زیادہ نہیں لیں ہیں صرف دو تین ہی لی ہیں۔ University of London through external program میں نے LLB Hon's کی۔ میں ان کی اس بات سے agree کرتا ہوں کہ بہت سے institutes ایسے ہیں جو اچھا کام کر رہے ہیں لیکن بہت سے ایسے بھی ہیں جو ڈرامہ کر رہے ہیں۔ مثال کے طور پر ایک

بہت زبردست institute ہے جہاں سے میں نے بھی پڑھا ہے وہ 1991 سے کام کر رہا ہے، quality education دے رہا ہے لیکن کچھ ایسے بھی ہیں جن کے پاس نہ سٹاف ہے اور نہ کچھ اور ہے، وہاں پر وہ students engage کر لیتے ہیں، بڑے گھروں کے بچے آ جاتے ہیں، وہ زیادہ پیسے لیتے ہیں۔ ڈگری authentic ہوتی ہے، وہاں کی ہوتی ہے اور آپ کی ساری marking etc. UK سے ہوتی ہے لیکن جس level کی یہاں پر teaching ہونی چاہیے اس کے لیے ان کے پاس وہ infrastructure and capacity نہیں ہوتی ہے اس وجہ سے بہت سے بچے داخل تو ہو جاتے ہیں clear کرتے ہیں یا نہیں کر سکتے۔ یہ بہت اچھا initiative بھی ہے، جن لوگوں نے وقت پر داخلہ لیا تھا اور جن لوگوں نے نہیں لیا اور وہ صرف پیسے بنانے کے لیے بیٹھے ہیں لیکن بہر حال اس میں میرا نکتہ یہ ہے کہ ویسے بھی یہ کمیٹی میں تو چلا ہی گیا ہے، وہاں جا کر اس بات کی تفریق ضرور کی جائے کہ ان میں genuine لوگ کون ہیں اور غلط کون ہیں کیونکہ کچھ ایسے لوگ بھی ہیں جو 1990 سے لوگوں کو سہولت دے رہے ہیں۔

Middle class آدمی کی بات کر لیتے ہیں، میں غریب کی بات تو نہیں کرتا کیونکہ غریب بے چارے تو اسے afford ہی نہیں کر سکتے ہیں لیکن middle class کے وہ لوگ جو U.K or America کا ٹکٹ نہیں خرید سکتے، ان کو پاکستان میں یہ facility ملی کہ وہ وہاں کے standard کی ڈگری لیں اور وہ ڈگری لے کر باہر کے ممالک میں jobs کریں اور وہاں سے پاکستان کے foreign exchange reserves بڑھائیں۔ اس میں ہمیں صحیح اور غلط میں تفریق ضرور کرنی پڑے گی۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے جناب۔ اسے کمیٹی میں discuss کریں گے تو ٹھیک ہو جائے گا۔ سینیٹر عمر فاروق صاحب۔ Back bencher نے آج کہا ہے کہ مجھے موقع دیں۔

سینیٹر عمر فاروق: شکریہ، جناب چیئرمین! کمیٹی میں discuss کرنے سے پہلے میں منسٹر صاحب کے علم میں یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ ہمارے بلوچستان میں آپ اس وقت پڑھیں گے جب آپ یونیورسٹی کو F.C. سے خالی کروائیں گے۔ ہماری بلوچستان یونیورسٹی میں ایک platoon پڑا ہوا ہے، وہاں پر torture cell ہے، وہاں سے پورے سریاب اور اس area کو cover کیا جاتا ہے اور وہیں سے یونیورسٹی کے بیچ میں سے patrolling کی جا رہی ہے۔ انہوں نے پورا علاقہ گھیرا

ہوا ہے اور F.C. کے 100/200 لوگ وہاں موجود ہیں۔ آپ پہلے students کے لیے یونیورسٹی کھولیں تاکہ وہ وہاں پر پڑھیں۔ جیسا کہ ہمارے باقی اراکین نے کہا، ہماری بلوچستان یونیورسٹی میں تو لوگ جا نہیں سکتے ہیں۔ سب سے پہلے تو یہ دیکھنا چاہیے کہ ایک institute میں ان کا کیا کام ہے، وہاں پر یہ platoon کیا کر رہی ہے اور وہاں پر باقاعدہ سے جیل بنے ہوئے ہیں۔ اسے پہلے خالی کیا جائے اس کے بعد بلوچستان کے لوگوں کی پڑھنے کی کوئی امید ہو گی۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ سینیٹر سیمی ایزدی صاحبہ۔

*Question No. 83 Senator Seemee Ezdi: Will the Minister for National Health Services, Regulations and Coordination be pleased to state:

(a) the number of children below 10 years age in Pakistan suffering from anemia and stunting at present; and

(b) the steps being taken by the government to deal with alarming issue?

Minister for National Health Services, Regulations and Coordination: (a) The National Nutrition Survey gives only information/ data for children below 5 year. We do not have any data for children 6-10 years. Among children less than 5 years, anemia is 53.7% and stunting is 40.2% as per NNS 2018.

(b) Government is aware that Pakistan is suffering from high burden of malnutrition. Recently as per directions of the Prime Minister and guidance of the National Health Task Force, a comprehensive Nutrition PC-1 for the entire country including the federal areas with the title, “Tackling Malnutrition induced Stunting in Pakistan” has been prepared. This PC-1 targets population especially mothers and children in 67 high burden districts of the country. This PC-1 has

been prepared after thorough consultation with the provinces and has also been endorsed by the Council of Common Interest (CCI). The PC-1 has been approved by the Planning Commission in the CDWP meeting held on 24 May 2021. The PC-1 is waiting release of necessary funds for implementation.

However multiple initiatives have been initiated through the Nutrition Wing, Ministry of NHSR&C during past 5 years in Collaboration with Provincial Departments of Health, UN Agencies and development partners as continued nutrition response to prevent and treat malnutrition among most vulnerable especially children.

These interventions include:

1. Stunting Prevention for chronic Malnutrition
2. Counselling and Supplementation for prevention
3. Infant and Young Child Feeding (IYCF) practices
4. Breast Feeding promotion and protection
5. Community Management of Acute Malnutrition (CMAM)
6. Food Fortification by (Salt iodization, Oil/Ghee (Vit A-D) & Wheat Flour fortification (Iron/Folic Acid)
7. Adolescent Nutrition (Young Girls & Boys)
8. Elimination of Trans-Fatty Acids (TFAs)

Mr. Chairman: Any supplementary?

سینیٹر سیمی ایزدی: جی چیئرمین صاحب۔ میرا سوال stunting پر تھا اور یہ بہت alarming figure ہے کہ پاکستان میں till the age of 5 years بچوں میں 40.2% stunting ہے اور 53.7% anaemia ہے، اس کے لیے وزیراعظم صاحب نے National Health Task Force بنائی to tackle malnutrition

induced stunting in Pakistan تو اس بارے میں انہوں نے بہت سے منصوبے یہاں پر لکھے ہوئے ہیں۔ یہ مجھے یہ بتا دیں کہ یہاں پر UN Agencies کا لکھا ہوا ہے کہ وہ ہماری مدد کر رہی ہیں۔ ایک تو یہ کون کون سی agencies ہیں اور یہاں پر یہ بھی لکھا ہوا ہے کہ counselling and supplementation for prevention تو malnutrition میں counselling کا کیا فائدہ ہوتا ہے اور کیا کرتے ہیں۔ اسی طرح سے adolescent nutrition کا young بچوں کی nutrition سے فرق ہے تو اس کے لیے کیا کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: جی علی محمد خان صاحب۔

جناب علی محمد خان: جناب چیئرمین! پہلے تو stunting growth کے بارے میں کسی کو کوئی خاص علم نہیں تھا، آپ کو یاد ہو گا کہ وزیراعظم صاحب نے اپنی پہلی یا شاید دوسری تقریر میں اس کا ذکر کیا تھا اور پھر اس پر focus ہوا۔ آج جو مجھے بتایا گیا ہے ان کا تقریباً 150 ارب کا پروگرام ہے اور اس حوالے سے PC-I وزیراعظم صاحب کے سامنے مئی میں پیش ہو چکا تھا، اس پر کام شروع ہو گا۔ انہوں نے جس ادارے کا کہا ہے وہ تو basically World Food Program ہے لیکن اس میں مختلف سکیمیں ہیں، جیسا کہ انہوں نے adolescent nutrition کی بات کی ہے اور parents counselling کی بات کی ہے تو اس پر تو مختلف workshops وغیرہ ہوتی رہتی ہیں۔ عملی بات کرتے ہیں وہ بات کرتے ہیں جو ground پر موجود ہے، میں آپ کو خیالی بات نہیں بتاؤں گا، اگر کوئی ماں BHU's میں جاتی ہے یا کسی علاقے میں کوئی سیمینار ہو یا وہ ہسپتال جاتے ہیں، وہاں وہ ان سے پوچھتے ہیں اور ان کی awareness کی بھی کوشش کی جاتی ہے، مختلف سکول اور کالجوں میں جہاں پر خاص طور پر بچیاں پڑھتی ہیں وہاں بھی awareness کے پروگرام ہوتے ہیں۔ والدین کے ساتھ interaction ہوتی ہے، جہاں جہاں naturally interaction ہوتی ہے یا پھر کہیں events بھی organize کیے جاتے ہیں۔ جہاں ان کی natural occurrence جہاں ان کی interaction ہو سکے وہ میں نے آپ کو chalk-out کر دی ہیں۔ BHU's, Regional Health Centres or Tehsil Headquarters Hospitals میں normally ہماری دیہی علاقوں کی

خواتین اور مائیں جاتی ہیں وہاں ان کے لیے باقاعدہ پروگرام بھی ہوتے ہیں یا جب وہ جاتی ہیں تو انہیں بتایا جاتا ہے تو یہ ایک continue process ہے جو کہ چل رہا ہے۔ اگر ان کے پاس کوئی specific suggestion ہے تو یہ بتادیں، اسے ہم عمل میں لے آئیں گے۔

جناب چیئرمین: جی ٹھیک ہے۔ سینیٹر دنیش کمار صاحب۔ دنیش کمار صاحب کے سوال کے بعد آپ کو موقع دے دیتا ہوں تاکہ اکٹھے ہی جواب دیں۔

سینیٹر دنیش کمار: بہت بہت شکریہ۔ جس طرح malnutrition and stunting کی وجہ سے بچوں کے متعلق کہا گیا ہے کہ وہ 40% ہیں جبکہ 53% anaemic بچے ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ بلوچستان میں یہ تعداد 80% سے اوپر ہے۔ میرا وزیر صاحب سے یہ سوال ہے کہ اس حوالے سے بلوچستان کے لیے کیا کوئی خصوصی پروگرام تشکیل دیا گیا ہے۔ ساتھ میں وزیر صاحب سے عرض کروں گا کہ ہم بچوں کی صحت کی بات کرتے ہیں، ہم کہتے ہیں کہ بچوں کی صحت ان کی ماؤں کے ساتھ وابستہ ہے۔ ہمارے ہاں تو بے چاری مائیں بھی malnutrition کا شکار ہیں تو ان کے بچے اس کا شکار کیسے نہیں ہوں گے۔ بلوچستان کے حوالے سے اگر منسٹر صاحب بتادیں تو مہربانی ہوگی۔ یہ ایک بہت ہی اہم معاملہ ہے اور میں کہوں گا کہ اسے کمیٹی کو بھیجیں کیونکہ بلوچستان میں ابھی بھی جو مائیں بچوں کو دودھ پلاتی ہیں، ان کی صحت بھی بالکل تباہ حال ہے۔

جناب چیئرمین: بہت ہی pertinent question ہے۔ جی ثانیہ نشتر صاحبہ۔

سینیٹر ثانیہ نشتر: جناب چیئرمین! شکریہ۔ اچھا ہوتا کہ یہ سوال احساس کے پاس آجاتا تو اس کا زیادہ بہتر جواب آتا۔ سب سے پہلے تو یہ اہم ہے کہ ہم سمجھیں کہ stunting کیا ہے اور ہوتی کیوں ہے؛ پاکستان میں پچھلی سات دہائیوں میں اس پر کیا کام ہوا ہے، اس کے اہداف کیسے رہے ہیں، اس پر action کیا ہوا ہے اور اب اس حوالے سے کیا ہو رہا ہے۔

Stunting سے مراد یہ ہے کہ بچوں کا قد اپنی عمر کی مناسبت سے مختلف وجوہات کے باعث چھوٹا رہ جاتا ہے۔ اس میں سب سے اہم وجہ خوراک کی کمی ہے جو بچے کی یا اس کی ماں کی ہو سکتی ہے۔ اس کے علاوہ ہم stunting کے متعلق کہتے ہیں کہ it is an issue of deprivation. لہٰذا، غربت، ناخواندگی، گھر میں بچے زیادہ پیدا ہونا، جلدی جلدی pregnancies ہونا، کم عمر کی شادی، اس کے علاوہ گندا پانی، lack of sanitation بار

بار بچے میں بیماریاں ہونا، چھاتی کی بیماریاں ہونا، بار بار diarrhea ہونا، so it is an issue of deprivation. یہ کسی ایک وجہ سے نہیں ہوتا، یہ خالی غربت کی بیماری بھی نہیں ہے۔ جب ہم data دیکھتے ہیں تو یہ صرف lowest quintile یا اب lowest two quintiles میں نہیں ہے، یہ third and fourth quintile میں بھی موجود ہے تو اس کا مطلب ہے کہ یہ lack of awareness کا issue بھی ہے۔

اب stunting کا پچھلی سات دہائیوں میں trend کیا رہا ہے؟ پاکستان میں پہلا National Nutrition Survey سن 1965 میں ہوا تھا۔ اس میں جو trends آئے تھے ان میں اور 2018 کے سروے کے trends میں کوئی خاطر خواہ difference نہیں تھا۔ The trend lines of stunting are quite straight. اب سوال یہ ہے کہ stunting کیوں اہم ہے؟ یہ اس لیے اہم ہے کیونکہ بچے کی ذہنی نشوونما، اس کی cognitive development بھی کم رہ جاتی ہے۔ اسی وجہ سے وزیراعظم نے پہلی تقریر میں CT Scan دکھایا تھا۔ جب ہم human capital کی بات کرتے ہیں، human capital development میں stunting کا ایک بہت اہم عمل دخل ہے۔ اسی لیے کہا جاتا ہے کہ اس digital age میں 60 فیصد wealth of nation, human capital کی وجہ سے ہے، وہ physical capital کی وجہ سے نہیں ہے، وہ natural capital کی وجہ سے نہیں ہے، وہ human capital کی وجہ سے ہے۔ اس لیے stunting کو address کرنا بہت ہی اہم ہے اگر ہم نے آج کی دنیا میں ترقی کرنی ہے۔ اب میں حکومت کے پروگرام کی طرف آجاتی ہوں۔

جناب چیئرمین: میڈم! ابھی question hour ہے، میری گزارش یہ ہے کہ آپ کسی دن ہاؤس میں آکر اپنے colleagues کو بتادیں اور اس معاملے کو کمیٹی میں discuss کرلیں۔

سینیٹر ثانیہ نشتر: چیئرمین صاحب! مجھے صرف تیں سیکنڈ دے دیں۔ حکومت کے main programme کا نام احساس نشوونما ہے۔ آج سے اڑھائی سال پہلے ہم نے یہ on fast track basis conditional cash transfer شروع کیا تھا۔ یہ دنیا کا پہلا

i) That he measured 3rd running bill under the Sub-Head "Distribution System" and granted secured advance for Rs. 13488134/- to the Contractor against the material in collaboration with the other team work whereas as per rules of CPWA and D. Code advance to the Contractor as a rules prohibited when there is no concrete requirement. In this case, only payment was required to be made on account of work done whereas he in disregard granted secured advance and measured the work. Due to his negligence secured advance was paid to the Contractor. The measurement was not accordance to the ground realities.

ii) That the contract was awarded to M/s Shoaib Construction on 08-06-2012 with completion period of 09 months but payment of Rs. 50143878/- was made to the Contractor without execution of work. Besides, the Contractor was paid secured advance of Rs. 13488143/- in violation of rules / regulations.

iii) That the NB authorities during initial inquiry established the loss against him of Rs. 750,000/- yet it was running work but the Hon'able Supreme Court of Pakistan directed to initiate disciplinary case against those who enter into VR under Clause-25(A) of NAB Ordinance-1999, therefore, he is allegedly involved in wrong doing while working as Assistant Executive Engineer, therefore, he entered in VR, therefore, he laid down himself before Government Servant (Efficiency & Discipline) Rules, 1973.

2. He is, thereby, liable to disciplinary action under Government Servant (Efficiency & Discipline) Rules, 1973, as such charge sheeted.

(Jameel Ahmed Khan)
Joint Secretary (Admn) /
Authorized Officer

Mr. Muhammad Iftikhar Ullah Qureshi,
Executive Engineer (QS),
Project Civil Circle,
Pak. PWD, Islamabad.

Annex-III

GOVERNMENT OF PAKISTAN
MINISTRY OF HOUSING AND WORKS
****

No.F.11 (11)/2007-Admn-III, Islamabad, the 27th August, 2018.

ORDER

In exercise of the powers conferred under Rule 2(2) of Government Servants (Efficiency & Disciple) Rules, 1973, the competent authority / Secretary Housing and Works Division, on the recommendations of Authorized Officer i.e. Joint Secretary (Admn), has been pleased to exonerate Mr. Muhammad Iftikhar Ullah Qureshi, Executive Engineer (QS)(Civil)(BS-18), Project Civil Circle, Pak. PWD, Islamabad of the charges leveled against him vide Charge Sheets No. F.11(11)/2007-Admn-III dated 06-06-2018 in execution of **"Drinking Water Supply in Dir Upper NA-33".** The period of suspension, if any, shall be treated as period spent on duty.

(Muhammad Adnan Rashid)
Section Officer (Admn-III)

Distribution

1. P.S. to Secretary (H&W).
2. A.P.S. to Joint Secretary (Admn), M/o Housing and Works.
3. The Director General, Pak. PWD, Islamabad.
4. The Director, Budget & Accounts, Pak. P.W.D., Islamabad.
5. The Chief Engineer (North), Pak. PWD, Islamabad.
6. Officer concerned
7. The Section Officer (Confd), Ministry of Housing & Works

Mr. Chairman: Supplementary please.

Minister for Overseas سینیٹر بہرہ مند خان تنگی: جناب ! میرا سوال سے تھا۔ایک Pakistanis and Human Resources Development آفیسر کے بارے میں تین comprehensive questions کیے ہیں کہ ان کو deputation پر لایا گیا تھا، یہ تو accept کیا ہے کہ 24-4-2021 کو ان کو

deputation پر لائے تھے کیونکہ وہاں پر کوئی اور دوسرا reasonable and qualified officer نہیں تھا لیکن جو میرا دوسرا سوال ہے کہ 2015 میں ان کو کرپشن case میں as an Assistant Executive Engineer گرفتار کیا گیا تھا، پھر اس نے voluntary return and plea-bargain کرکے خود کو release کروایا تو کیا NAB Ordinance اور سپریم کورٹ کے فیصلے کے مطابق جو voluntarily return and plea-bargain کرتے ہیں جن کو سزا بھی ہو جاتی ہے اور کیا ان کو دوبارہ نوکری پر لگا سکتے ہیں؟ میں یہ سوال کرتا ہوں کہ وہ کیوں نوکری پر ہیں اور deputation پر کام کر رہے ہیں۔

Mr. Chairman: Honourable Minister of State for Parliamentary Affairs.

جناب علی محمد خان: جہاں تک مجھے ان کا سوال سمجھ میں آیا ہے تو تنگی صاحب یہ پوچھنا چاہ رہے ہیں کہ ایک آفیسر تھا جس کو نیب نے چارج شیٹ بھی کیا اور اس نے VR بھی کیا اس کے بعد شاید یہ پوچھنا چاہ رہے ہیں کہ وہ اب پوسٹ پر کیوں ہیں؟

جناب چیئرمین: وہ کہہ رہے ہیں کہ انہوں نے voluntary return کیا ہے، کچھ ایسی بات ہے۔

جناب علی محمد خان: اگر آپ دیکھیں تو شاید آپ کے سوال کا جواب اس میں ہے بھی that in compliance of Honourable Supreme Court's verdict سپریم کورٹ نے فیصلہ دیا، ان کے خلاف disciplinary action start کیا گیا، یہ جو بھی افسر تھے لیکن انہیں میں تو ذاتی طور پر نہیں جانتا مگر ان چارجز پر جو ان کے خلاف تھے after the finalization of disciplinary proceedings, the Competent Authority exonerated all charges leveled against him انہوں نے اس کو clear کیا کہ جو charges ان کے خلاف تھے وہ غیر قانونی تھے۔ انہوں نے ان کو exonerate کیا ہے اب اگر کوئی اس پر satisfy نہیں ہے تو جو فیصلہ ڈیپارٹمنٹ نے کیا ہے اس کو چیلنج تو کیا جاسکتا ہے مگر جواب سے تو یہ ظاہر ہو رہا ہے کہ سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد ڈیپارٹمنٹ نے ان کے خلاف انکوائری شروع کی اور اس میں وہ clear ہو گئے۔

جناب چیئرمین: کمیٹی میں discuss کرلیں، کمیٹی کو بھیج دیتے ہیں۔

Question hour is over. Order No. 3. Senator Raja Maqbool Ahmad! Chairman, Standing Committee on Cabinet Secretariat, please mover Order No.3.

Motion under Rule 194(1) moved by Chairman, Standing Committee on Cabinet Secretariat regarding present status of properties/hotels of PTDC in relation to their ownership

Senator Rana Maqbool Ahmad: I, Senator Rana Maqbool Ahmad, Chairman, Standing Committee on Cabinet Secretariat, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on Calling Attention Notice moved by Senator Mohsin Aziz on 16th November, 2021, regarding present status of properties/hotels of Pakistan Tourism Development Corporation (PTDC) in relation to their ownership, may be extended for a period of sixty working days with effect from 14th January, 2022.

Mr. Chairman: It has been moved under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on Calling Attention Notice moved by Senator Mohsin Aziz on 16th November, 2021, regarding present status of properties/hotels of Pakistan Tourism Development Corporation (PTDC) in relation to their ownership, may be extended for a period of sixty working days with effect from 14th January, 2022.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: Order No.4. Senator Rana Maqbool Ahmad, Chairman, Standing Committee on Cabinet Secretariat, please move Order No. 4.

Motion under Rule 194(1) moved by Chairman, Standing Committee on Cabinet Secretariat on The Civil Servants (Amendment) Bill, 2021

Senator Rana Maqbool Ahmad: Thank you sir. I, Senator Rana Maqbool Ahmad, Chairman, Standing Committee on Cabinet Secretariat, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the Bill further to amend the Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2021], introduced by Senator Afnan Ullah Khan, may be extended for a period of fifteen working days with effect from 19th January, 2022.

Mr. Chairman: It has been moved under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the Bill further to amend the Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2021], introduced by Senator Afnan Ullah Khan, may be extended for a period of fifteen working days with effect from 19th January, 2022.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: Order No. 5. Senator Manzoor Ahmed, Chairman, Standing Committee on Overseas Pakistanis and Human Resource Development. Senator Sherry Rehman Sahiba, on behalf of Senator Manzoor Ahmed, please move Order No. 5.

Motion under Rule 194(1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Overseas Pakistanis and Human Resource Development, regarding problems being faced by Overseas Pakistanis

Senator Sherry Rehman: I, on behalf of Chairman, Standing Committee on Overseas Pakistanis and Human Resource Development, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on a point of public importance raised by Senator Mushtaq Ahmed on 14th July, 2021, regarding problems being faced by Overseas Pakistanis, may be extended for a period of sixty working days with effect from 22nd January, 2022.

Mr. Chairman: It has been moved under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on a point of public importance raised by Senator Mushtaq Ahmed on 14th July, 2021, regarding problems being faced by Overseas Pakistanis, may be extended for a period of sixty working days with effect from 22nd January, 2022.

(The motion was carried)

سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری: جناب چیئرمین! point of order.

جناب چیئرمین: اس وقت تو کوئی سوال نہیں ہو سکتا۔ آپ rulesکے مطابق چلیں۔ خدا کے لیے آپ سارے سینیئر لوگ ہیں۔ آپ کوئی toolsہاؤس میں لائیں تو پھر بات ہوگی۔ اس طرح نہ کریں۔ تشریف رکھیں۔ ورنہ آج کے بعد میں پابندی لگادوں گا۔ اس طرح تو نہیں ہوتا کہ آپ کوئی بات پوچھ لیں اور کہیں کہ وزیر کو بلالیں۔ اس طرح تو نہیں ہوتا۔ آپ سارے میرے لیے

قابل احترام ہیں۔ آپ toolsلایا کریں تو میں اسی وقت منسٹر کو بھیج دوں گا۔ ایک دن اس کے لیے مختص کریں گے اور اس پر وزیر صاحب آ کر جواب دیں گے۔ جی قائد ایوان صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم: جناب چیئرمین! آج جب ہاؤس کی proceedingشروع ہوئی تو دونوں اطراف سے بات ہوئی جو حالیہ دہشت گردی کے واقعات ہوئے ہیں اور اس پر ایک concernکا اظہار کیا گیا۔ ہاؤس کے ممبران کی خواہش تھی کہ اس پر وزیر داخلہ صاحب بیان دیں۔ جناب چیئرمین! تو وہ اس وقت ہاؤس میں تشریف لا چکے ہیں۔ اگر آپ کی اجازت ہو تو وزیر داخلہ اس پر اپنی statementدیں۔

جناب چیئرمین: حیدری صاحب کو پہلے سن لیتے ہیں تاکہ وہ اکھٹی statementدیں۔ جی، حیدر صاحب۔

Point of Public Importance raised by Senator Molana Abdul Ghafoor Haidri regarding the incident of bomb blast in Lahore.

سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری: جناب چیئرمین! کل لاہور میں جو بم دھماکا ہوا ہے جس کے نتیجے میں قیمتی جانیں چلی گئی ہیں اور کافی لوگ زخمی بھی ہوئے ہیں۔ جمعیت العلمائے اسلام ضلع لاہور کے کارکن زخمیوں کو خون دینے کے لیے میو ہسپتال پہنچے کیونکہ مولانا فضل الرحمان صاحب کا حکم تھا کہ آپ ہسپتال جائیں۔ ہمارے ایک ڈپٹی سیکرٹری جنرل پنجاب سلیم قادری صاحب، ضلع لاہور کے امیر فہیم صاحب اور ان کے ساتھ دیگر کارکن تھے۔ جب وہ ہسپتال سے فارغ ہو کر واپس آ رہے تھے تو CTDوالوں کا پورا لشکر جو تین چار گاڑیوں میں سوار تھے ان کا راستہ روکا اور پھر ان سے موبائل اور پیسے چھینے۔ پھر ان کو ایک گھنٹے تک وہاں پر کھڑا کیا۔ اس کے بعد انہیں جانے دیا۔ میری نظر میں اور شاید آپ کی نظر میں بھی یہ ایک انتہائی شرم ناک واقعہ ہے۔ جو لوگ رضاکار بن کر خون دینے کے لیے ہسپتال پہنچے تو واپسی پر ان کے ساتھ یہ واقعہ ہوا۔ وزیر داخلہ صاحب بھی تشریف فرما ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ وہ DIG (CTD) سے پوچھیں اور ان سے جواب طلبی کریں کہ جمعیت العلمائے اسلام کے کارکنوں کو جبکہ انہوں نے اپنا تعارف بھی کروایا کہ ہمارا تعلق جمعیت العلمائے اسلام سے ہے اور ہم مولانا فضل الرحمان کے حکم پر آئے ہیں کہ اگر ان زخمیوں کو خون کی ضرورت ہو۔ اب اس طرح کی حرکتیں پورے ملک میں ہو رہی ہیں۔ وزیر داخلہ صاحب میں اگر کوئی جان ہے تو اس پر نوٹس لے لیں

اور ان مجرموں کو فوری طور پر کیفر کردار تک پہنچائیں۔ بدامنی اسی سے بڑھتی ہے اگر آج ہم کال دیتے تو پورا لاہور بند ہو جاتا۔ ایک بڑا واقعہ ہوا ہے اور اس صدمے میں ہم سب شریک ہیں۔ اسی طرح پورے ملک میں اس طرح کے واقعات ہوتے ہیں۔ وزیر داخلہ صاحب ذرا کمربستہ ہو جائیں۔ صرف بیانات پر اکتفانہ کریں۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: جی، شیخ رشید صاحب! وزیر داخلہ۔

Response by Sheikh Rashid Ahmed, Minister for Interior on Points raised by Senators regarding recent wave of terrorist activities in the Country

شیخ رشید احمد (وفاقی وزیر برائے داخلہ): شکریہ، جناب چیئرمین! میں اس کا تصور بھی نہیں کر سکتا کہ کوئی شخص خون دینے جائے تو اس کے ساتھ بداخلاقی ہو۔ میں حکومت پنجاب سے پوچھ لیتا ہوں۔ خون دینا بہت اچھی بات ہے اور سب لوگوں کو ایسے حادثات پر خون دینا چاہیے۔ ہم ان لوگوں کی عزت اور قدر کرتے ہیں۔ خون دینا اور خبر بنانا دو مختلف چیزیں ہیں۔ اگر صرف خون دیتے ہوئے کسی کے ساتھ ایسی زیادتی ہوئی ہے تو میں ان شاء اللہ خود کل جواب دوں گا کیونکہ میرا ان کے لیے بڑا احترام ہے کہ ایسی صورت حال کیوں پیش ہوئی۔ جہاں تک انہوں نے حادثے کا ذکر کیا ہے کہ کل لاہور میں ایک واقعہ ہوا ہے۔ 18 جنوری کو اسلام آباد میں ہمارا ایک سپاہی منور شہید ہوا۔ TTP نے ذمہ داری قبول کی ہے کہ ہمارے دو دہشت گرد جوابی فائرنگ میں مارے گئے ہیں۔ ان کے موبائل فون سے معلوم ہوا ہے کہ جن چھ افراد کے ساتھ انہوں نے رات کو قیام کیا۔ میں اب یہ نہیں کہنا چاہتا کہ کس جگہ پر انہوں نے قیام کیا اور کہاں پر کھانا کھایا۔ اس کی investigation جاری ہے۔ اس سال کا یہ پہلا واقعہ ہے۔ اس سے پہلے اسلام آباد میں پانچ واقعات ہوئے ہیں۔ Capital Police کے جو 125 Shaheen Squad ہم نے بنوائے ہیں جن پر دہشت گردوں نے IJ Principal Road پر حملہ کیا اور ان میں سے پانچ کو انہوں نے جانی نقصان پہنچایا اور وہ لوگ شہید ہوئے تھے۔ ان دہشت گردوں کے خاص مقاصد ہیں۔ ہمارے TTP کے ساتھ مذاکرات ہو رہے تھے۔ صرف 20 کلومیٹر کی fencing رہ گئی ہے۔ 2680 کلومیٹر پورا ہو چکا ہے۔ اس کی بھی ہم کوشش کر رہے ہیں کہ اس کو ہر صورت میں مکمل کریں گے۔ بلوچستان میں ایران بارڈر پر 200 کلومیٹر رہتی ہے لیکن افغانستان بارڈر پر صرف 20 یا 21 کلومیٹر کا فاصلہ ابھی باقی ہے۔

جناب چیئرمین ! جہاں تک وہ مجھے کمربستہ ہونے کا کہہ رہے ہیں۔ ان شاءاللہ تعالیٰ کمربستہ ہونے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ حضرت صاحب ! آپ کا احترام اور آپ کے فضل الرحمان کا احترام میرے دل میں رہے گا۔ یہ بازوں ہمارے آزمائے ہوئے ہیں۔ کوئی کمربستہ ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ شوق سے آئیں بلکہ میں مشورہ دوں گا کہ آپ بلاول کے ساتھ مل کر آئیں۔ کیوں آپ اپنی اور پولیس کی انرجیوں کو ضائع کر رہے ہیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب کو بات تو کرنے دیں۔ پھر آپ بات شروع کر دیں۔ آپ ایک دوسرے پر جب الزامات لگائیں گے تو پھر یہی عالم ہوگا۔ پہلے ان کی بات سنیں پھر آپ اپنی باری پر بات کریں۔ جی، منسٹر صاحب۔

شیخ رشید احمد: ابھی آپ میری بات سن لیں یا آپ اپنی بات کریں۔ میں پھر کھڑا ہو جاؤں گا۔ اگر کوئی پولیس والا آپ کے پنجاب کے سیکرٹری جس کا آپ نام لے رہے ہیں، اس کے ساتھ بداخلاقی میں اور اس نے کوئی زیادتی کی ہوئی، میں کل ہی آپ کو جواب دوں گا اور اس کو قرار واقعی سزا دی جائے گی۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: جی، جناب، اس میں میری گزارش یہ ہے کہ میں نے ایک adjournment motion Tuesday کے لئے fix کردی ہوئی ہے ، اسی پر ہوگی، وزیر صاحب آئیں گے ، آپ کی Adjournment Motion پر پورے ایوان کو موقع دوں گا۔ دو گھنٹے اس پر آپ بحث کریں، پھر وزیر صاحب conclude کریں گے۔ جی۔

شیخ رشید احمد: Tuesday کو Cabinet کی میٹنگ ہے اگر آپ سوموار کو رکھ لیں کیونکہ منگل Cabinet کا دن ہوتا ہے۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب ! Monday کو رکھ لیں۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے جی، Monday کو رکھ لیتے ہیں، done ہو گیا۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: Private Members' Day گھنٹہ ہے اس کے بعد دو گھنٹے اس کو رکھ لیں گے، کوئی بات نہیں۔ کوئی بات نہیں بیٹھ جائیں گے، یہ اہم issue ہے۔

Order No.6, Senator Manzoor Ahmad, Chairman, Standing Committee on Overseas Pakistanis and Human Resource Development. On his behalf Senator Sherry Rehman, please move Order No.6.

Motion under Rule 194(1) moved on behalf of Chairman Standing Committee on Overseas Pakistanis and Human Resource Development regarding the service history of the Secretary Worker Welfare Fund

Senator Sherry Rehman: Ok, thank you. On behalf of Chairman, Standing Committee on overseas Pakistanis and Human Resource Development, I beg to move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the subject matter of starred question No.62-A asked by Senator Moula Bux Chandio on 19th November, 2021, regarding the service history of the Secretary, Worker Welfare Fund, may be extended for a period of sixty working days with effect from 18th January, 2022.

Mr. Chairman: It has been moved under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the subject matter of starred question No.62-A asked by Senator Moula Bux Chandio on 19th November, 2021, regarding the service history of the Secretary, Worker Welfare Fund, may be extended for a period of sixty working days with effect from 18th January, 2022.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: Order No.7, Dr. Mohammad Humayun Mohmand, Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulation and Coordination, please move Order No.7.

Motion under Rule 194(1) moved by Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulation and Coordination regarding steps taken by Government to substantially increase the number of seats in medical colleges for the students of erstwhile FATA

Senator Mohammad Humayun Mohmand: I, Senator Dr. Muhammad Humayun Mohmand, Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination, as move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the subject matter of starred question No.59 asked by Honourable Senator Mushtaq Ahmed on 19th November, 2021, regarding steps taken by Government to substantially increase the number of seats in medical colleges for the students of erstwhile FATA, may be extended for a period of sixty working days with effect from 18th January, 2022.

Mr. Chairman: It has been moved under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the subject matter of starred question No.59 asked by Senator Mushtaq Ahmed on 19th November, 2021, regarding steps taken by Government to substantially increase the number of seats in medical colleges for the students of

erstwhile FATA, may be extended for a period of sixty working days with effect from 18th January, 2022.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: Order No.8, Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui, Chairman, Standing on Federal Education, Professional Training, National Heritage and Culture may move order No.8.

Presentation of Report of the Standing Committee on Federal Education, Professional Training, National Heritage and Culture regarding implementation status of the findings of the inquiry committee constituted by the International Islamic University regarding the murder incident and rape of another student

Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui: Thank you, Sir. I, Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui, Chairman, Standing on Federal Education, Professional Training, National Heritage and Culture hereby present special report of the Committee regarding implementation status of the findings of the inquiry committee constituted by the International Islamic University regarding the murder incident of student of the University, Shaheed Syed Tufail-ur-Rehman, which occurred on 12th December, 2019 and rape of another student on 17th June, 2021.

Mr. Chairman: Report stands laid. Order No.9. Sir,

سینیٹر مشتاق احمد: جناب چیئرمین! میں عرفان صدیقی صاحب، سینیٹر رخسانہ زبیری صاحبہ کا اوراعجاز چوہدری صاحب کاشکریہ اداکرتا ہوں کہ انہوں نے اس رپورٹ پر بڑی محنت کی جوآج lay ہو گئی ہے۔ اس میں ایک تو یہ بات کی گئی ہے کہ ڈاکٹر مشتاق کو فوری طور پر بحال کیا جائے۔ دوسرا جو بچے کے ساتھ rape کا واقعہ ہوا ہے، ایک بچے کے قتل کا واقعہ ہوا ہے اور ایک Vice President کے سکینڈل آئے ہیں۔ وہ سب کے سب اپنی جگہ پر موجود ہیں۔ اس پر کوئی عمل

درآمد نہیں ہوا ہے۔ آج یہ جو رپورٹ سینیٹ نے adopt کرلی ہے، میری آپ سے درخواست ہے کہ اس پر آپ یونیورسٹی سے اور وزیر داخلہ بیٹھے ہوئے ہیں، وہ اسلامی یونیورسٹی کے اندر جو کچھ administration کر رہی ہے اور قائداعظم یونیورسٹی کے اندر۔۔۔

جناب چیئرمین: administration میں وزیر داخلہ کا کام نہیں ہے، ہم بھجوادیں گے۔ شکریہ،

Order No.9, Mr. Shafqat Mahmood, Minister for Federal Education, Professional Training, National Heritage and Culture please move Order No.9, on his behalf Mr. Shibli Faraz Sahib, please move Order No.9.

جناب! تمام اراکین ماسک پہن لیں، جو بھی بیٹھے ہیں، وزراء صاحبان.please

Laying of the National Rahmatul-Lil-Aalameen Authority Ordinance, 2021 (No.XXV of 2021)

Senator Syed Shibli Faraz: I, on behalf of Mr. Shafqat Mahmood, Minister for Federal Education, Professional Training, National Heritage and Culture lay before the Senate, the National Rahmatul-Lil-Aalameen Authority Ordinance, 2021 (No.XXV of 2021) as required by clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

Mr. Chairman: Ordinance stands laid. Order No.10, Sheikh Rashid Ahmad Sahib, Minister for Interior please move Order No.10.

Laying of the Islamabad Capital Territory Local Government Ordinance 2021(No.XXVIII of 2021)

Sheikh Rashid Ahmad: Mr. Chairman! I beg to lay before the Senate, the Islamabad Capital Territory Local Government Ordinance 2021, (No.XXVIII of 2021) as required by clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

Mr. Chairman: Ordinance stands laid. Order No.11, Mr. Zaheer-ud-Din Babar Awan, Adviser to the Prime Minister on Parliamentary Affairs, on his behalf Minister Sahib, Syed Shibli Faraz Saihib, please move Order No.11.

Laying of the Pakistan Nursing Council (Emergency Management) Ordinance, 2021 (No.XXIX of 2021)

Senator Syed Shibli Faraz: I, on behalf of Mr. Zaheer-ud-Din Babar Awan, Adviser to the Prime Minister on Parliamentary Affairs lay before the Senate, the Pakistan Nursing Council (Emergency Management) Ordinance, 2021 (No.XXIX of 2021), as required by clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

Mr. Chairman: Ordinance stands laid. Please move Order No.12 on behalf of Babar Awan. Yes Shibli Faraz Sahib.

Motion Under Rule 263 regarding dispensation of notice period

Senator Syed Shibli Faraz: I, on behalf of Mr. Zaheer-ud-Din Babar Awan, Adviser to the Prime Minister on Parliamentary Affairs move under rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate 2012 that the requirement of Rule 120 of the said rules regarding notice period, be dispensed with in order to take into consideration the Bills at Order Nos.13 to 20.

Mr. Chairman: It has been moved under rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate 2012 that the requirement of Rule 120 of the said rules regarding notice period, be dispensed with in order to take into consideration the Bills at Order Nos.13 to 20.

Yes, Leader of the Opposition please.

سینیٹر سید یوسف رضا گیلانی: دیکھیں rules کی requirement ہے why they want to suspend the rules. Normal business لیں مگر اگر یہ کریں گے تو ہماری تیاری نہیں ہوگی، کچھ نہیں ہوتا اور یہ بل لے کر آجاتے ہیں اور وہ کہتے ہیں کہ جی rules suspend کریں اور یہ کام کرادیں، we oppose it.

جناب چیئرمین: پھر تو یہ motion نہیں ہوگا۔ یہ تو کمیٹی کو بھیجیں گے ناں۔ اس لئے کہ notice period کی دو دن کی requirement تھی کہ کوئی آجائے تو اگر دو دن کی نہیں ہے تو، بتائیں جی۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: Time کی بات ہے باقی تو کوئی issue نہیں ہے، کمیٹی کو بھیج رہے ہیں تو لے لیں۔

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: جناب! اب تو باقاعدہ طور پر motion lay ہوگیا ہے، تو اب دوبارہ تو نہیں کر سکتے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: motion تو ابھی move کر دیا ہے لیکن ابھی تو House میں put کرنا ہے، بتائیں، جی قائد ایوان صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم: جناب! Rules کی requirement ہے، Notice period کی، اس وجہ سے اس کو پہلے لایا جارہا تھا۔ اگر یہ agree نہیں کرتے تو دو دن بعد لے لیں گے۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔ تمام Bills دو دن کے بعد۔۔۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: Motion withdraw ہوگیا، تمام Bills بھی withdraw ہوگئے۔ جب Motion withdraw ہوگیا تو Bills withdraw ہوگئے۔۔۔۔

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب! میں ایک منٹ بولنے کے لیے آپ سے اجازت چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین: جی۔

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب! مسئلہ یہ ہے کہ اس قسم کی situation میں، آج میں اپنی وزارت کا جو بل پیش کرنے آیا تھا۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر سید شبلی فراز: ایک سیکنڈ، سن تو لیں، یہ پارلیمنٹ ہے، ہم بھی بولنے کے لیے آتے ہیں۔ بات یہ ہے کہ بل جو ہم لے کر آئے ہیں، بڑے افسوس کی بات ہے، آپ کو معلوم ہے کہ یہ بل 1997 سے pending ہے۔ آپ مجھے بتائیں کہ آپ لوگ کہاں تھے؟ یہ بل کیوں نہیں لائے؟ یہ World Trade Organization کی ایک requirement تھی، آپ سوئے رہیں۔ آپ نے کابینہ سے pass کر دیا لیکن ایوان میں لائے نہیں۔

(مداخلت)

سینیٹر سید شبلی فراز: نہیں، میں کہہ رہا ہوں کہ اسی طرح کچھ نہ کچھ ہوتا رہتا ہے۔ ہم 1997 کا بل لا رہے ہیں، کتنی کوششوں کے بعد، کتنی مشکلوں سے pass کیا ہے جیسا کوئی ذاتی کام ہو۔ اس کی postponement مجھے سمجھ نہیں آتی کہ ہم کیا حاصل کرنا چاہتے ہیں۔۔۔۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: جی قائد ایوان۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم: جناب! کچھ rules ہوتے ہیں، کچھ House کی norms بھی ہوتی ہیں۔ یہ ہمیشہ House کے norms کا بھاشن دیتے ہیں، آج یہ دیکھ لیں، دو دن delay کر کے ان کو کیا سکون ملے گا۔ یہ legislative business ہے، قانون سازی ہے، اس ایوان کا بنیادی مقصد قانون سازی ہے، اگر ہم قانون سازی میں روڑے اٹکائیں۔۔۔

جناب چیئرمین: وہ کہہ رہے ہیں کہ numbers پورے کریں۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم: اگر ہم اس میں روڑے اٹکائیں، اگر ہم ان rules کے پیچھے چھپیں تو یہ اچھی spirit نہیں ہے۔ جو بھی قانون ہوتا ہے، آئین ہوتا ہے، اس میں words letter and spirit use ہوتے ہیں، صرف letter کے پیچھے نہیں جانا چاہیے، اس کی spirit کو بھی دیکھنا چاہیے۔ ان کا رویہ سب کے سامنے ہے کہ یہ قانون سازی کرنے کے لیے کتنے serious ہیں۔

جناب! یہ تمام بل ہم Committees میں بھیجناچاہ رہے تھےتاکہ Committees میں discuss ہوں، Committees اپنا کام کریں، کام نہیں کرناچاہتےتوکیاکیاجاسکتاہے۔

Mr. Chairman: Leader of the Opposition, please.

سینیٹر سید یوسف رضاگیلانی: جناب چیئرمین! آپ نے اور پورے august House نےwitness کیا ہوگاکہ ہماری cooperation ہی کی وجہ سےایوان چل رہا ہے۔ ہم تو cooperate کرناچاہ رہے ہیں،اگر rules suspend کرتےتو ہمارے ساتھ discuss کرلیتے۔جب discuss نہیں کرتےتو.we need time اگر1997 سےrulesابھی تک change نہیں ہوئےتودودن میں کوئی فرق نہیں پڑےگا۔.heavens will not fall

جناب چیئرمین: جی قائد ایوان۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزادوسیم: یہ ایک مرتبہ نہیں، دومرتبہ نہیں، قائد حزب اختلاف نے بارہاایک بات کی کہ ہماری وجہ سے ایوان چل رہاہے، ہماری وجہ سےکام چل رہاہے۔ جناب! میں گزارش کروں گاکہ آپ بھی ہماری وجہ سے ہی ہیں۔ قائد حزب اختلاف بھی شاید ہماری وجہ سے ہی ہیں۔ ایوان چلانادونوں اطراف کی ذمہ داری ہوتی ہے۔

قومی اسمبلی میں جب quorum کا issue ہوتاہے، قومی اسمبلی کاطریقہ کار مختلف ہےاور سینیٹ کا مختلف ہے۔ بڑے senior parliamentarian ہیں، وزیراعظم رہ چکے ہیں، سپیکر رہ چکے ہیں اور قومی اسمبلی میں بارہا elect ہوچکے ہیں۔ سینیٹ میں ان کا پہلی مرتبہ ہے۔ سینیٹ میں Opposition and Government Benches تعداد کی بنیاد پر نہیں ہوتے، یہ میں clear کرناچاہتاہوں۔ قومی اسمبلی میں تعداد کی بنیاد پر ہوتے ہیں، سینیٹ میں تعداد کی بنیاد پر نہیں ہوتے،Government Benches sitting Government کی وجہ سے ہوتے ہیں اور Opposition Benches Opposition کی وجہ سےOpposition Benches ہوتے ہیں۔اس میں تعداد کاissue نہیں ہوتا، یہ کہناکہ اب آپ جانیں اور آپ کا کام جانیں۔ اگر ایوان نے چلناہےتو مل کر چلتاہے، یہ collective responsibility ہوتی ہے۔ ہم ہر جگہ پر، جہاں پر cooperation ہوتاہے،وہاں ہم

cooperation کرتے ہیں، ہم نے Private Members' Bills میں بھی بڑی اچھی spirit کے ساتھ اپوزیشن کے Bills کو accommodate کیا۔ اگر یہ spirit برقرار رہے تو اس ایوان کی عزت میں اضافہ ہوتا ہے۔ اس قسم کے حربوں سے اچھا تاثر نہیں جاتا۔

Mr. Chairman: Order No.21 relates to the discussion on the following motion moved by Mr. Zaheer-ud-Din Babar Awan, Adviser to the Prime Minister on Parliamentary Affairs on 1st October, 2021:-

"The House expresses its deep gratitude to the President of Pakistan for his address to both the Houses assembled together on 13th September, 2021."

اس پر کوئی بات کرنا چاہتا ہے؟ جی فیصل صاحب۔

Discussion on the Presidential Address to both the Houses assembled together on 13-09-2021

Senator Faisal Javed

سینیٹر فیصل جاوید: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ بہت شکریہ، جناب چیئرمین! صدر صاحب نے جو speech کی تھی۔۔۔۔

Mr. Chairman: No cross talk Chandio Sahib.

سینیٹر فیصل جاوید: اس speech کی copy سیکریٹریٹ کی طرف سے ایوان میں تمام اراکین کو دی گئی ہے۔ اگر اس speech کا جائزہ لیں تو صدر مملکت نے دو حصوں میں بات کی ہے۔ ایک تھا کل کا پاکستان اور ایک ہے آج کا پاکستان۔ کل کا پاکستان 2018 سے پہلے کا پاکستان تھا۔ 2008 سے لے کر 2018 کا پاکستان اور 2018 سے لے کر آج کی تاریخ تک کا پاکستان۔ یہ پاکستان کی دو صورتحال ہے، پاکستان تو ایک ہے لیکن صورتحال مختلف ہے۔ کل کے پاکستان میں جس طرح صدر مملکت صاحب نے بھی highlight کی ہے۔ میں اس میں سے ایک بنیادی نکتہ اٹھاؤں گا، وہ ہے بیس ارب ڈالر کا current account deficit, 2018 میں پاکستان کو بیس ارب ڈالر کا current account میں نقصان ہو رہا تھا، یہ تھا کل کا پاکستان۔

Bloomberg کی ایک رپورٹ آئی ہے اور ایک رپورٹ Economist کی آئی ہے۔ صدر مملکت نے اپنی تقریر میں جس direction اور جس سفر کا تعین کیا تھا، آج بین الاقوامی مالیاتی اداروں نے اس کی تصدیق کر دی ہے۔ آپ سب کو مبارک ہو، ہر پاکستانی کو مبارک ہو کہ آج پاکستان کی 5.37% growth پر چلی گئی ہے، تین سال میں پاکستان کی 5.37% growth پر رہی ہے باوجود اس کے کہ کورونا تھا۔ پوری دنیا کی economy shrink ہوئی، امریکہ، برطانیہ، جرمنی، ہندوستان اور دیگر تمام ممالک میں بڑے برے حالات رہے، وہاں economy shrink ہوئی، growth نیچے گئی، پاکستان پر اللہ کا فضل و کرم رہا اور بہتر حکمت عملی کے باعث، باوجود کورونا کے، پاکستان کی 5.37% growth ہے۔ یہ خسارے نہیں ہیں، پاکستان مسلم لیگ (ن) کہتی تھی کہ ہماری بھی growth تھی، آپ کی growth تھی، artificial تھی، کیوں؟ کیونکہ سارے خسارے اوپر تھے۔ میں نے آپ کو ایک مثال دی کہ کرنٹ اکاؤنٹ deficit بیس ارب ڈالر پر تھا، اس قسم کی growth کا کسی کو کوئی فائدہ نہیں ہے۔ اس growth سے کیا ہوگا۔ substantial jobs creation ہونے جا رہی ہے۔ یہاں پر ایک نکتہ بتانا ضروری ہے کہ جو per capita income بڑھی ہے۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Please no cross talk.

افنان آپ اپنے وقت پر بات کریں، cross talk نہ کریں۔ ہاؤس کا ماحول خراب نہ کریں۔

سینیٹر فیصل جاوید: اپنی باری پر بات کریں، میں یہ پلندہ لے کر آیا ہوں، ایسے ہی نہیں لے کر آیا۔ ابھی میں بتاتا ہوں کہ چپڑاسی کے اکاؤنٹ میں کتنے پیسے جاتے تھے، وہ بھی بتاتا ہوں۔ 5.37% خسارے بھی کم کئے growth بھی بڑھائی یہ اصل ترقی ہے۔ نمبر ۲ بلوم برگ کل رپورٹ دیتا ہے، یہ پورے indicators انہوں نے دیئے ہیں، دنیا کے سارے ملکوں کا year wise بھی دیا ہے کہ کس طرح سے پاکستان کی sustainable growth رہی ہے۔ Pakistan will sustain high growth trajectory and employment level مطلب نوکریاں بھی تیزی سے بڑھیں گی اور جو growth ہے وہ بھی اوپر رہے گی۔

نمبر۳۔ پر آتا ہوں، 'Economist' اب یہ ہم سب کے لیے فخر کی بات ہے۔ یہ چارٹ میں آپ کے سامنے رکھتا ہوں، یہ 'Economist' کا ہے یہ ہم نہیں کہہ رہے، یہ دنیا کے ٹاپ کے مالیاتی ادارے اور جریدے کہہ رہے ہیں۔ اب 'Economist' کیا کہہ رہا ہے کہ پاکستان دنیا میں دوسرا ٹاپ کا ملک ہے جس نے کورونا کے باوجود تیزی سے recover کیا ہے۔ Normalcy Index میں پاکستان is at number 2. صرف ایک ملک ہم سے آگے ہے اور وہ مصر ہے۔ پاکستان اور مصر ہی دو ملک ہیں جنہوں نے 100+ points score اس index میں کئے ہیں۔ 100+ score کرنے والا پاکستان ایشیا کا پہلا ملک ہے۔ باقیوں کی پوزیشن اس میں دیکھیں، انڈیا 100 سے 20- پر ہے۔ اسی طرح برازیل 33- ہے، 37- US پاکستان 100+ پر ہے۔

جناب والا! آگے چلتے ہیں صدر مملکت نے ایک اور بات کی تھی اور وہ بات یہ تھی کہ پاکستان میں کل کیا ہوا، اگر آپ اٹک کے ہیں، جہلم کے ہیں، چکوال کے ہیں، پنڈی کے ہیں، اپنا موبائل اٹھائیں اور اپنا شناختی کارڈ SMS کریں تو آپ کو پتا چلے گا کہ آپ اور آپ کے خاندان کے چھ سات افراد جتنے بھی ہیں وہ Health insurance کے اہل ہو گئے ہیں۔ پورا پنجاب مارچ کے آخر میں cover ہو جائے گا، آج پورا خیبر پختونخوا covered ہے، بلوچستان کا رخ کر رہے ہیں۔ ہم تو اسلام آباد، گلگت بلتستان اور کشمیر میں بھی لا رہے ہیں۔ جہاں جہاں ہمارے حکومت ہے وہاں وہاں تو ہم لا رہے ہیں۔ سندھ کو کہتے ہیں کہ آئیں، ہم آپ کے ساتھ ہیں، قدم بڑھاؤ ہم تمہارے ساتھ ہیں۔ بلاول قدم بڑھاؤ ہم لوگوں کو health insurance دیتے ہیں لیکن یہ مانتے ہی نہیں ہیں۔ انہیں کوئی فکر ہی نہیں ہے۔ Health insurance کے بارے میں جس طرح صدر مملکت نے اپنے خطاب میں mention کیا تو آج پاکستان بول رہا ہے، شکریہ پاکستان۔ شکریہ عمران خان۔ وہ کام جو امریکہ بھی نہ کر سکا، وہ کام جو developed countries بھی نہ کر سکیں وہ عمران خان نے کر کے دکھایا۔ آج اگر غریب کے گھرانے میں کوئی پریشانی آجائے، کوئی بیماری آجائے اس کا سارا پیسہ ضائع ہو جاتا ہے لیکن اب دس لاکھ روپے سالانہ علاج کا خرچہ فی خاندان حکومت دے گی۔ آپ کسی بھی ہسپتال سے اپنا علاج کروائیں۔

جناب چیئرمین: آٹھ منٹ ہو گئے ہیں، اپنی تقریر کو بھی دیکھیں۔

سینیٹر فیصل جاوید: صدر مملکت کی تقریر پر بات ہو رہی ہے۔ دو چار منٹ اور لوں گا کسی نے نہیں کہا کہ انہوں نے بات کرنی ہے اس لیے مجھے تھوڑا سا موقع دیں۔ جناب والا! Health system سے ہوگا کیا، جس کے اندر انقلاب لے کر آئے ہیں، اس سے ہوگا کیا؟ اس سے ہوگا یہ کہ جو پرائیویٹ ہسپتال ہیں، جو پرائیویٹ لوگ ہیں وہ بھی دور دراز علاقوں میں کوالٹی ہسپتال بنائیں گے۔ یہ health service کے اندر انقلاب ہے کیونکہ ان کو clients مل گئے۔ حکومت خرچہ دے رہی ہے، پہلے تو ان علاقوں میں ہسپتال نہیں ہوتے تھے کیونکہ clients نہیں ہوتے تھے، اب تو ہر گھر کے پاس دس لاکھ روپیہ ہے یہ کوالٹی ہسپتال ہر علاقے میں بنیں گے۔

جناب چیئرمین: شکریہ جناب۔

سینیٹر فیصل جاوید: آخری بات کروں گا، آج کا پاکستان میں نے آپ کے سامنے رکھا ہے لیکن کل کے پاکستان میں ایک چیز کیونکہ صدر پاکستان کی تقریر میں بھی اس کا ذکر تھا۔ میں اپنے ساتھ ساری فائلیں لے کر آیا ہوں۔ اگر آپ مجھے تھوڑا وقت دے دیں تو میں آپ کے سامنے کچھ حقائق رکھنا چاہتا ہوں۔ مقصود چپڑاسی ہے اس کے اکاؤنٹ میں 375 کروڑ روپے جاتے ہیں۔ اس کی ماہانہ تنخواہ پچیس ہزار ہے یہ پریشانی کی بات ہے۔ اگر آپ میں سے کوئی بات کرنا چاہتا ہے تو most welcome لیکن پریشانی ہے۔ مقصود چپڑاسی کی تنخواہ پچیس ہزار ہے لیکن اکاؤنٹ میں 375 کروڑ روپیہ جا رہا ہے۔ استغفراللہ۔ یہ چیک کریں، چودہ ملازمین ہیں، اٹھائیس اکاؤنٹ ہیں۔

جناب چیئرمین: مقصود کو پکڑیں ناں۔

سینیٹر فیصل جاوید: سولہ سو کروڑ روپے ہیں۔ غلام شبیر قریشی، رمضان شوگر مل کا سٹور کیپر ہے۔ جناب والا! 10600 اس کی تنخواہ ہے اس کے اکاؤنٹ میں 1545 کروڑ روپیہ جا رہا ہے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔

سینیٹر فیصل جاوید: میں اپنی تقریر ختم کر رہا ہوں، ان کو موقع ملے گا۔ آپ کو موقع ملے گا، پہلے جب موقع ملا انہوں نے سرے محل بنائے۔ پہلے موقع ملا ایوان فیلڈ اپارٹمنٹ بنائے۔ تقریر کا موقع ملے گا اپنی تقریر میں ان کا ذکر کریں جو باہر جائیدادیں بنائی ہیں۔ کیوں نہیں باہر کی جائیدادیں بیچ کر پاکستان میں پیسہ لاتے۔ اقرار حسین، کلرک ہیں، اس کی تنخواہ تیرہ ہزار روپے ہے اس کے اکاؤنٹ

میں 1186 کروڑ روپیہ چلا جاتا ہے۔ یہ سارے پیسے شہباز شریف کے پاس جاتے ہیں پھر وہاں سے منی لانڈرنگ ہوتی ہے یہ FIA کی رپورٹ ہے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ محترمہ قراۃالعین مری۔

Senator Quratulain Marri

سینیٹر قراۃالعین مری: شکریہ، ممبر کو بٹھادیں، ان کی نوکری پکی ہو گئی ہے۔ وزارت پھر بھی نہیں ملے گی، نوکری پکی ہو گئی ہے۔ جناب چیئرمین! آپ کا بہت شکریہ، جناب چیئرمین! Unruly بچے، آپ کی رٹ ہی نہیں ہے۔ یہ کیا ہو رہا ہے؟

جناب چیئرمین: آپ دو منٹ بیٹھ جائیں۔آپ بات کریں۔

سینیٹر قراۃالعین مری: جناب چیئرمین! دس دن پہلے عمران خان صاحب نے اپنے لوگوں کو کہا کہ ملکر بولو there is no inflation تب سے ہمارے حکومتی بچوں نے بولنا شروع کر دیا کہ inflation ہے ہی نہیں، مہنگائی ہے ہی نہیں، نئے پاکستان میں کچھ مہنگا نہیں ہے۔ وہ ان کا spokesperson ہے جو کامرس میں spokesperson ہے جو فنانس میں spokesperson ہے۔ وہ سکرین شاٹ لگا دیتا ہے کہ noodles سستے ہوگئے مہنگائی کہاں ہے۔ یہ تو ان کا حال ہے۔ یہ 'Economist' کی باتیں کرتے ہیں 'Economist' یہ کہتا ہے 12.3% inflation is in پاکستان میں ہے۔ third highest inflation Pakistan, we are the third highest یہ بات کیا کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین: صدر کی تقریر پر بات کرنا چاہ رہی تھیں انہوں نے لکھ کر بھیجا۔

سینیٹر قراۃالعین مری: یہ نہیں سننا چاہتے تو دوسری بات ہے، ان کو سچ کڑوا لگے گا۔

جناب چیئرمین: میری گزارش ہے تشریف رکھیں، اپنی ساتھی کی بات غور سے سنیں۔ پھر اپنی turn پر بولیں۔

سینیٹر قراۃالعین مری: میں صدر صاحب کی بات کر رہی ہوں، انہوں نے health میں بڑا فائدہ لیا، اپنے بیٹے کی dental clinic کا inauguration گورنر ہاؤس میں کروایا۔ ان کا بیٹا گورنر ہاؤس میں بیٹھ کر امریکن کمپنی کے ساتھ deals کر رہا ہے یہ فائدہ لیا صحت میں۔ Health card کی کیا بات کرتے ہیں، ہمارے ہاں روزانہ NICVD میں دو سو مریض آتے

ہیں۔پنجاب ، بلوچستان اور خیبر پختونخوا سےآتے ہیں۔ پچاس لاکھ کا ایک lever transplantہوتا ہے، ہم سندھ میں مفت میں کر رہے ہیں۔ ہم ان کے دس لاکھ کا کیا کریں، یہ جائیں پنجاب میں دس لاکھ کاhealth cardپر lever transplantکروا کر دکھائیں۔

جناب چیئرمین: میری گزارش ہے تشریف رکھیں۔

سینیٹر قراۃالعین مری: جو سرکاری ہسپتال مفت میں علاج کرتے تھے وہ بھی کہتے ہیں health cardبنوا کر لاؤ۔ یہhealth cardکا ڈرامہ رچا رہے ہیں۔ یہ ہمیں کیا بتا رہے ہیں کس اکاؤنٹ میں کتنے پیسے تھے۔ اپنی foreign fundingچھپاتے نہیں تھکتے۔ جس international donor نے ان کو پیسے دیئے اس کو ہوٹل بنانے کا کنٹریکٹ دے دیا۔ چلو بھائی ہوٹل بنالو، .thank you for giving us money یہ جو you scratch, my back and I will scratch yours والاان کا systemہے، کیا ہمیں نہیں پتہ یہ باہر چینی smuggle کرتے ہیں پھر کہتے ہیں import کرو۔ گندم باہر smuggle کرتے ہیں پھر کہتے ہیںimport کرو۔ یوریا باہر smuggle کرتے ہیں پھر کہتے ہیں import کرو۔ حد تو یہ ہے کہ منسٹر خسرو بختیار صاحب کہتے ہیں کہ سندھ سے افغانستان گندم smuggle ہو گئی، بھائی ہمارا تو border بھی نہیں ملتا۔ نہ Germany, Japan کا borderملتا ہے نہ Sindh and Afghanistanکا borderملتا ہے۔ یہاں پر کسانوں کی ایسی حالت ہو رہی ہے یوریا نہیں مل رہا ہماری گندم کی فصلیں تباہ ہو رہی ہیں۔ یہ آ جاتے ہیں کہ bumper crop چل رہا ہے۔ کون سا bumper crop? کسان سے پوچھیں وہ خون کے آنسو رو رہا ہے۔ کون سا bumper crop ہمیں یہاں یوریا اور DAP نہیں مل رہا اور جو بلیک میں مل رہا ہے وہ دو بوری مشکل سے ملتا ہے۔ آپ بات کیا کرتے ہیں، لوگوں سے پوچھیں جن کا دل جل رہا اس وقت چیئرمین صاحب۔

اس وقت روٹی اور چینی کتنی مہنگی ہے۔ لوگ بھوکے مر رہے ہیں، لوگ پیٹ رہے ہیں اور یہ کہہ رہے ہیں کہ سب کچھ اچھا ہے۔ یہ بات کیا کر رہے ہیں یہ کون سی alternate reality میں رہتے ہیں۔ صدر صاحب کی تقریر مبارک ہو۔ صدر صاحب نے یہ بھی کیا کہ Governor Houseمیں بیٹھ کر اپنے بیٹے کا business flourishکیا۔ ہمارا بھی کرائیں۔ آپ بات

کیا کرتے ہیں۔ PTI جو کرے وہ شفاف۔ آپ لوگ اپنے foreign donors کو hotel کے contract دے دیں without any due process وہ شفاف۔ آپ لوگ اپنی foreign donations چھپاتے رہیں وہ شفاف اور جب foreign donation کا کچا چٹھا کھلے تو Prime Minister صاحب کھسیانی بلی نہیں ہوتی وہ کھمبا نوچنا شروع ہو جاتی ہے، very good سب کچھ کھل گیا۔ ارے بھائی پہلے کھول دیتے۔ کھسیانی بلی تو کھمبا نوچتی ہے۔

آپ مجھے یہ بتایں Economists کا بڑے فخر سے میرے فاضل بھائی نے reference دیا۔ آج Economist کہتا ہے Pakistan is the third highest in terms of inflation across the world. وہی Economists ہیں آپ بتایں کہاں ہے مہنگائی۔ آپ کہتے ہیں مہنگائی نہیں ہے آپ بات کیا کر رہے ہیں کہ مہنگائی نہیں ہے۔ تین ماہ میں ڈیڑھ سو فیصد cooking oil کے دام بڑھے ہیں۔ آپ سوچتے بھی ہیں باہر نکل کر دیکھتے بھی ہیں۔ اچھا آپ سے جو پوچھو پچھلی حکومت نے یہ کیا۔ جب آپ آ رہے تھے تب کہا تھا ہم 90 days میں corruption ختم کریں گے۔ 90 دن دس بار گزر چکے ہیں آپ بات کیا کر رہے ہیں۔ نئی بات یہ عمران خان کو کچھ بھی اچھا نہیں ملا۔ اب latest یہ ہے کہ Imran Khan کو نظام ہی اچھا نہیں ملا Presidential نظام لے آؤ۔ مطلب Imran Khan کو موسم اچھا نہیں ملا، opposition اچھی نہیں ملی، cabinet اچھی نہیں ملی۔ اب کہتے ہیں کہ نظام ہی اچھا نہیں ملا۔ یہ Parliamentary system ہی خراب ہے۔ آپ لوگوں نے مذاق بنایا ہوا ہے۔ جو آپ کو اچھا نہ لگے وہ خراب باقی جو اچھا ہے you want to take credit for every single thing that previous government have done.

آپ سکھر میں آتے ہیں اور labour flats کی inauguration کر دیتے ہیں، ہم نے بنائے ہیں۔ آپ لوگوں کو لگتا ہے کہ قوم بھول جائے گی آپ کو معافی نہیں ملے گی۔ آپ health card کی بات کرتے ہیں، ہاں جائیں سندھ حکومت Health Card جاری نہیں کرتی، ہم نہیں کریں گے۔ ہم سرکاری ہسپتالوں میں without any cap علاج کرتے ہیں۔ ہم پچاس لاکھ کا liver transplant مفت کرتے ہیں۔ یہ کر کے دیکھائیں۔ ان کے patients ہر صوبے سے ہمارے پاس سندھ میں علاج کرانے آتے ہیں۔ دس لاکھ روپے کے

card کا آپ لوگ بات کیا کر رہے ہیں۔ آپ کو لگتا ہے اس ایوان میں آپ جتنی زور سے جھوٹ بولیں گے عوام بیوقوف بنے گی۔ ہر وزیر یہاں آتا ہے جھوٹ بول کر اپنی نوکری پکی کر کے چلا جاتا ہے ۔

جناب چیئرمین: شکریہ، سینیٹر قراۃ العین مری صاحبہ۔ سب نمبر پر چلیں۔ Presidential speech پر کسی نے بات کرنی ہے جناب؟ آپ نے Presidential speech پر بات کرنی ہے؟ فیصل صاحب تشریف رکھیں۔ سینیٹر محمد طاہر بزنجو صاحب۔ آپ نے 12 minutes بات کی فیصل صاحب اس طرح نہیں ہوتا۔

(مداخلت)

سینیٹر محمد طاہر بزنجو: شکریہ، جناب چیئرمین! سینیٹر فیصل جاوید صاحب آپ تشریف رکھیں اپوزیشن کا کام ہی تنقید کرنا ہوتا ہے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین صاحب: فیصل صاحب تشریف رکھیں House کا environment نہ خراب کریں .please میں آپ کو اس کے بعد ٹائم دیتا ہوں آپ تشریف رکھیں۔ .Order in the House please

Senator Muhammad Tahir Bizinjo

سینیٹر محمد طاہر بزنجو: شکریہ، جناب چیئرمین! آئین میں صدر کو غیر جانبدار لکھا گیا ہے لیکن پارلیمنٹ سے صدر صاحب نے جو خطاب کیا وہ بطور PTI رکن کیا۔ ان کی تقریر میں سوائے حکومت کی تعریف توصیف کے، حکومت کی ثناخوانی کے اور کچھ بھی نہیں ہے۔ صدرِ محترم کی تقریر پر اگر کوئی بحث کرے تو کیا کرے البتہ جناب چیئرمین! اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے میں نہایت احترام سے ایک معصومانہ سوال صدرِ محترم سے پوچھنا چاہتا ہوں۔ وہ یہ کہ آپ ہمیں یہ بتائیں کہ آپ ہمارے بلوچستان کے ایک قابلِ فخر جج قاضی فائز عیسیٰ سے اتنے allergic اور خوف زدہ کیوں ہیں؟ یاد رہے جناب چیئرمین! کہ قاضی فائز عیسیٰ کے خلاف صدارتی ریفرنس کو Supreme Court نے بدنیتی پر مبنی قرار دیا تھا۔ اب نوبت یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ صدر محترم کے ذاتی کاروبار کے معاہدے Sindh کے Governor House میں ہوتے ہیں۔ جو again ان کے حلف

کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے۔ میں opposition کی جماعتوں سے گزارش کروں گا کہ صدرِ محترم کے خلاف نا اہلی کا referenceدائر کرنے پر سنجیدگی سے غور فکر کریں۔جناب PTI حکومت مہنگائی اور بے روزگاری کی تاریخ رقم کرتی رہی ہے۔ ۔ بیرونی قرضوں اور گردشی قرضوں کی تاریخ۔ بجلی اور گیس کے bills کی تاریخ۔ یک طرفہ احتساب کی تاریخ۔ ایک آئینی ادارے کو جلانے کی باتوں کی تاریخ۔ بس تاریخ ہی رقم ہوتی جارہی ہے۔ مختصر یہ کہ میری صدرِ محترم سے نہایت احترام کے ساتھ گزارش ہے کہ ملک کے آئین کو سامنے رکھ کر عقل و بصیرت سے کام لیں۔ ملک کے صدر بنیں PTIکے صدر نہ بنیں۔.Thank you

جناب چیئرمین: میں چھوٹی سی information House کو بتا دوں۔ پہلے جب OIC Conference ہوئی تو منسٹر نے مجھ سے ہال مانگا تھا تو میں نے اس وقت دے دیا ruleمیں چیئرمین کو اجازت ہے وہ دے سکتا ہے لیکن میں صرف ہاؤس کو informکر دوں کہ 23rdand 24TH March کو پھرOIC کی ایک کانفرنس ہو رہی ہے شاید ضرورت پڑے تو ان کو دے دیں گے۔

The House stands adjourned to meet again on Monday, the 24th January, 2022 at 2:30 p.m.

[The House was then adjourned to meet again on Monday, the 24th January, 2022 at 02:30 p.m]

Index

Mr. Shafqat Mahmood 18, 31, 39, 44, 67
Senator Bahramand Khan Tangi 51
Senator Ejaz Ahmad Chaudhary 38
Senator Hidayat Ullah Khan 13
Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui 66
Senator Mohammad Humayun Mohmand 65
Senator Mushtaq Ahmed 18, 31, 48
Senator Palwasha Muhammad Zai Khan 14, 16
Senator Rana Maqbool Ahmad 58, 59
Senator Seemee Ezdi 24
Senator Shahadat Awan 9
Senator Sherry Rehman 60, 64
Senator Syed Shibli Faraz 67, 68
Senator Zeeshan Khan Zada 43
Sheikh Rashid Ahmad 67
Syed Ali Haider Zaidi 14, 16
جناب علی محمد خان 8, 15, 16, 17, 20, 22, 26, 30, 34, 36, 37, 46, 47, 50, 51, 57
سینیٹر پلوشہ محمد زئی خان 17
سینیٹر میاں رضا ربانی 2
سینیٹر اعظم نذیر تارڑ 4, 21, 22
سینیٹر بہرہ مند خان تنگی 56
سینیٹر ثانیہ نشتر 27, 28
سینیٹر دنیش کمار 17, 27
سینیٹر ذیشان خانزادہ 46
سرفراز احمد بگٹی 6
سینیٹر سعدیہ عباسی 4
سینیٹر سید شبلی فراز 69, 70
سینیٹر سید یوسف رضا گیلانی 3, 8, 29, 38, 69, 71
سینیٹر سیف اللہ ابڑو 6, 7
سینیٹر سیمی ایزدی 25
سینیٹر شہادت اعوان 8, 12
سینیٹر عرفان الحق صدیقی 5, 22, 36
سینیٹر عمر فاروق 23
سینیٹر فیصل جاوید 47, 73, 75
سینیٹر قرۃ العین مری 76, 77
سینیٹر کامران مرتضیٰ 5
سینیٹر کیشو بائی 29

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی 3, 12, 69
سینیٹر محمد طاہر بزنجو 7, 79
سینیٹر مشتاق احمد 4, 19, 33, 50, 66
سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری 60, 61
سینیٹر ہدایت اللہ خان 35
سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم 8, 61, 69, 70, 71
سینیٹر فیصل جاوید 72
شیخ رشید احمد 62, 63